☆ اور وہ لوگ بھی اللہ کو ناپسند ہیں جو اپنے مال محض لوگوں کو دکھانے کیلئے خرچ کرتے ہیں اور درحقیقت نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ روزِ آخر پر۔ سچ یہ ہے کہ شیطان جس کا رفیق ہوا اسے بہت ہی بری رفاقت میسر آئی۔

﴿سورۃ النساء آیت 38﴾

صبر

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (153) وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۗ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ (154)

☆ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! صبر اور نماز سے مدد لو، اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو، ایسے لوگ تو حقیقت میں زندہ ہیں، مگر تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں ہوتا۔

﴿سورۃ البقرہ آیت 153 تا 154﴾

شیطان

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ

☆لوگو! زمین میں جو حلال اور پاک چیزیں ہیں انہیں کھاؤ اور شیطان کے بتائے ہوئے راستوں پر نہ چلو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

﴿سورۃ البقرہ آیت 168﴾

شکر

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ (172)

☆اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم حقیقت میں اللہ ہی کی بندگی کرنے والے ہو تو جو پاک چیزیں ہم نے تمہیں بخشی ہیں انہیں بے تکلف کھاؤ اور اللہ کا شکر ادا کرو۔

﴿سورۃ البقرہ آیت 172﴾

صلہ رحمی

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّ نِسَآءً ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا (1)

☆لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مرد و عورت دنیا میں پھیلا دیئے اس خدا سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے حق مانگتے ہو اور رشتہ و قرابت کے تعلقات کو بگاڑنے سے پرہیز کرو یقین جانو کہ اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے۔

﴿سورۃ النساء آیت 1﴾

قیامت

(1) وَ اتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ (281)

☆اس دن کی رسوائی و مصیبت سے بچو جب تم اللہ کی طرف واپس ہو گے وہاں ہر شخص کو اس کی کمائی ہوئی نیکی یا بدی کا پورا پورا بدلہ مل جائے گا اور کسی پر ظلم ہرگز نہ ہوگا۔

﴿سورۃ البقرہ آیت 281﴾

ماخذ: "قرآنی انسائیکلوپیڈیا" مرتب: علی اصغر

قرض وصول ہونے کا عمل

علامہ مجلسیؒ نے حیات القلوب میں داؤد رقی کا تذکرہ اس طرح فرمایا ہے۔ اس محترم صحابی نے عرض کیا کہ ایک شخص پر میرا قرض باقی ہے اور ڈر ہے کہ میرے ہاتھ نہیں آئے گا۔ فرمایا جب مکہ جانا تو ایک طواف اور دو رکعت نماز حضرت عبدالمطلب کی نیابت سے اور اسی طرح ایک ایک طواف اور نماز جناب آمنہ اور حضرت فاطمہ بنت اسد کی طرف سے پڑھ کر دعا کرنا۔ داؤد کہتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا۔ اسی دن وہ روپیہ مجھے حاصل ہو گیا۔ جو لوگ حج کی استطاعت نہیں رکھتے وہ اس عمل کا اجیر قرار دیکر دوسرے حاجیوں سے پڑھوا سکتے ہیں۔

لوحِ سلیمانی

بازاری یا پیشہ ور عورتیں ہوں یا کوئی آپ کے شوہر پر ڈورے ڈال کر آپ کی سوتن بننا چاہتی ہو خواہ آپ کا شوہر خوبصورت ہو یا امیر کبیر ہو کسی نے اس کی دولت پر نظر رکھ کر اس کی دولت سے محبت کر کے اسے دھوکہ دے کر عیاشی کرنے کا منصوبہ بنایا ہو مگر جائز بیوی تو آپ خود ہیں ایسی تمام بری عورتوں سے نجات کیلئے لوحِ سلیمانی اکسیر ہے اور اگر آپ کے شوہر نے آپ کے ہوتے ہوئے کسی غلط عورت سے رشتہ جوڑ لیا ہو تو یہ لوح آپ کو اس عورت سے نجات دلائے گی۔ آپ اور آپ کے بچے پرسکون زندگی گزاریں گے۔ لوح آزمودہ ہے۔

لوحِ تبادلہ

وہ تمام سرکاری و غیر سرکاری ملازمین جو اپنے افسران سے تنگ ہیں۔ جن کے افسران نہ صرف انہیں پریشان کرتے ہیں بلکہ ان کی نوکری اور ترقی میں رکاوٹ کا باعث ہیں ایسے سرکاری ملازمین اور افسران لوحِ تبادلہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنا تبادلہ حسب منشاء کسی بھی جگہ کروا سکتے ہیں اور ظالم اور جابر افسران سے نجات پا سکتے ہیں حتیٰ کہ اپنی ترقی میں حائل رکاوٹ دور کرنے کیلئے روحانی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آج ہی 0322 4552186 رابطہ کر کے اپنی مشکلات حل کیجئے۔

محفل دعائے خیر

"دعا عبادت کا مغز ہے" اس لئے ہماری ہر عبادت دعا کے بغیر نامکمل رہتی ہے اس لئے ہماری ہر دعا نماز بغیر نامکمل رہتی ہے لہٰذا تمام مسلمان بہن بھائیوں سے درخواست ہے کہ وہ محفل دعائے خیر میں تشریف لائیں۔

"قرآن مجید میں ارشاد ہے تم مجھ کو پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔" (بیٹھیں روئیں کہ رب کریم کی دعا قبول کرلے)

محفل دعائے خیر ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو منعقد ہوتی ہے آپ اس میں شامل ہو کر ثواب دارین حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے تمام جملہ مشکلات اور مسائل سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں محفل میں شامل ہونے کے لئے نوچندی جمعرات کو آپ اپنے گھر یا دفتر میں باوضو ہو کر خوشبو لگا کر ہمارے ساتھ روحانی ارتکاز کریں یا محفل میں شامل ہونے کے لئے کوپن بھیجیں تاکہ آپ کو ماہانہ محفل کا ذکر بتایا جا سکے اس مخصوص ذکر کو آپ اپنی جگہ پر بھی بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں انشاءاللہ لاتعداد فوائد حاصل ہوں گے اور ہر پریشانی دکھ تکلیف سے نجات ملے گی۔ محفل دعائے خیر ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو درود شریف اور ذکر الٰہی اور حمد و نعت کی مبارک فضا میں پروفیسر ایم اے شامی نقشبندی منعقد کرواتے ہیں۔

نوٹ۔ محفل دعائے خیر میں اگر آپ کوئی پڑھائی یا قرآن شریف کی پڑھائی کا روحانی تحفہ دینا چاہتے ہیں تو تفصیل بتائیں تاکہ پڑھائی کو دعا میں شامل کیا جا سکے

محفل دعائے خیر

نام.................. والدین.................. مخصوص مقاصد..................

مدرسہ فیض گنج بخشؒ

حضرت انسان روز اول سے اپنی ارتقائی منازل طے کر رہا ہے اور اس طرح اس کا سفر محدود سے لامحدود کی طرف ہو رہا ہے۔ مدرسہ فیض گنج بخشؒ بھی اس سفر کی کڑی ہے اور منزل تک پہنچنے کی ایک کوشش ہے اس کوشش میں گزشتہ سال ہمارے ادارے نے مدرسہ فیض گنج بخشؒ کی بنیاد رکھی ہے اور اس کی تعمیر و ترقی کی کوشش میں دن رات مصروف ہیں اس سلسلہ میں آپ تمام قارئین اور مسلمان بہن بھائیوں سے التماس ہے کہ مدرسہ کی تعمیر و ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور دنیا میں رہتے ہوئے جنت کی کنجی حاصل کریں۔ اس سلسلے میں ادارہ کو آپ تمام احباب کا خصوصی تعاون درکار ہے۔

آپ اپنے صدقات و خیرات، فطرانہ، زکوٰۃ اور دیگر ڈونیشن ادارے میں بالمشافہ تشریف لا کر ادا کر سکتے ہیں مزید بیرون ملک کے احباب اور دوسرے شہروں میں رہنے والے افراد online اکاؤنٹ کی سہولت سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کی رسیدات کے پتہ پر ارسال کر دی جائے گی۔ بشکریہ انتظامیہ مدرسہ فیض گنج بخشؒ (سرپرست اعلیٰ ایم اے شامی نقشبندی)

منی آرڈر بھیجنے کا پتہ: 5 عبدالقادر جیلانی روڈ نزد سول لائن کالج لاہور

HBL Branch Code 127 A/C Title Abdul Manan Shami

01277900299203 اکاؤنٹ نمبر

خواب و تعبیر

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
انگور کا عرق نکالنا	بادشاہ و حاکم سے انعام پائے	چیونٹیوں کا گھر سے نکلنا	زوال دولت و اقبال ہو
آندھی چلتی دیکھنا	بلائے ناگہانی کی علامت	چور کو پکڑ کر باہر لے جانا	خدا کے فضل سے مالدار ہو
آگ کا شعلہ دیکھنا	نقصان مال کا، مفلسی میں اضافہ ہو	حج کرنا	مراد بر آئے، حاکم وقت مہربان ہو
برف دیکھنا یا کھانا	بیمار کو صحت ہو غمگین کو مسرت	حیض کا غسل کرنا	بیمار کو صحت گنہگاروں کی مغفرت ہو
بادام دیکھنا	تنگی ہو نقصان کا اندیشہ ہے	خرما چننا یا کھانا	روزی حلال پائے عورت نیک کردار ہو
گھوڑے کی باگ دیکھنا	دولت و علم ہاتھ آئے	خربوزہ دیکھنا	رنج کے بعد راحت نصیب ہو
برات دیکھنا	عورت کی شادی ہو مرد کی خانہ آبادی	خون جاری دیکھنا	افسری پائے نام یا مال حرام ملے
گائے کا بچھڑا دیکھنا	مال دار و ذی وقار ہو	خشک اناج کھانا	مفلسی میں مبتلا ہو رنج و غم کا سامنا ہو
بھیک مانگنا	منفعت اور مرتبہ پائے عزت بڑھے	دیو بدشکل دیکھنا	آفت و بلا میں مبتلا ہو
پانی سے سیراب ہونا	فلاح کامل ہو حکومت حاصل ہو	ڈنکا بجتے دیکھنا	قوم کا سردار نامور ہو
دشمن کی پشت دیکھنا	فتح و کامرانی ہوگی	رسی بٹنا	غائب سفر سے آئے مرادوں کی پائے
پان کھانا	سرخروئی و سرسبزی کی دلیل ہے	زعفران کو دیکھنا	بیماری کی علامت مگر طعام میں منفعت
تعویذ نیا پانا	تنگدستی و بیماری سے جلد نجات پاوے	زین ساز کو دیکھنا	مکر و حیلہ سے روزی کمائے
تربوز دیکھنا یا کھانا	نعمت مال اور عزت و توقیر میں اضافہ ہو	زلف بناتے دیکھنا	غم فرقت سے آشنا ہو
تابوت نیا دیکھنا	باکرہ عورت سے عقد، عزت میں اضافہ	سر اپنا چھوٹا دیکھنا	روزگار سے برطرف ہو اور مال تلف ہو
تیر نشانہ پر پہنچنا	دشمن پر غلبہ حاصل ہو اور طویل عمر پائے	سپاہی کو مارنا	ہم جنس میں رتبہ بلند ہو
تیمم کرنا	غم دور ہو اور دوستوں سے راحت ملے	سرخاب کو دیکھنا	صاحب عزت و جاہ ہو
تخت پر بیٹھنا	دولت میں اضافہ، بادشاہ یا رئیس بنے	ساون کو دیکھنا	سربلندی و منفعت پائے
تکیہ روئی کا دیکھنا	مرتبہ بلند ہو دولت مند ہو	سرخ جامہ دیکھنا	اندیشہ غم میں مبتلا ہو
تلوار حمائل دیکھنا	حسین عورت ہاتھ آئے، حکومت پائے	سیب دیکھنا	فرزند ارجمند و روزی ہو
تصویر دیکھنا	مال و منفعت پانا	سبیل دیکھنا	کسی سردار کا رفیق و مصاحب ہو
چیل کو دیکھنا	بیماری طویل ہو غم و ملال ہو	سرمہ آنکھ میں دیکھنا	مال و دولت ہاتھ آئے
چار آئینہ دیکھنا	بادشاہ کو قوت ہو دشمنوں کی ہزیمت ہو	سونف کھانا یا دیکھنا	نقصان مال کی وجہ سے پریشانی کا شکار

لڑکوں اور لڑکیوں کے جدید نام

لڑکوں کے نام

طاؤس علی رضا	علی سجاد حسن	وجاہت حسن عسکری	الہام عابد	ولاء عباس	علی عدیل اصغر	تہور علی رضا
غیور عابد	شفاعت اقبال	عبدالحسین	عہد رضا	شوذب علی نقی	ذریت عباس	انتخاب حسن عسکری
شہادت حسین	رضوان علی	فدائے پنجتن	فیضان رضا	غلام آل محمد	زیارت حسین	جواد ناصر
محمد فرمان	طاہر عظیم	ثمر عمران	نجف ثقلین	عاشور علی اصغر	فصیح حیدر	انیس رضا
توحید علی	عقیدت رضا	فصاحت عمران	ہدایت علی	ریحان انور	فرحان عارف	جواد رضا
کمیل رضا	شعیب مہدی	جون عباس	رئیس عابدی	زینت عباس	طلعت حسین	عنصر مہدی
مصباح الحسن	علی تراب	طیب رضا	محسن علی	اصبار علی	فہیم موسیٰ کاظم	زریاب علی
طہماسپ علی	افسر علی رضا	مظفر انیس	فرخ مہتاب	قمر نواب	صفدر رضی	جعفر کمال

لڑکیوں کے نام

حجاب زہرا	قدسیہ بتول	کائنات زہرا	ردا زینب	ساحرہ بتول	دعا زینب	تطہیر زہرا
ملیکہ رباب	الماس عترت	کرن رباب	پاکیزہ بتول	رضوانہ عنبر	راضیہ بتول	عالیہ رباب
نور العین	عطیہ زہرا	نوشابہ رباب	میمونہ رباب	ولیجہ کلثوم	حمیدہ رباب	تزئین زہرا
تحسین فاطمہ	عقیلہ زینب	عندلیب زہرا	برجیس فاطمہ	ارم شہزادی	نورین شہزادی	کنیز رباب
ذکریہ خاتون	صوبیہ رباب	راحت بتول	عروج فاطمہ	حدیقہ رباب	ذیشان زہرا	صائقہ فاطمہ
آمنہ زہرا	بدر النساء	عالیہ زینب	نوشابہ بتول	تسکین زہرا	زہرہ جبین	امکان رباب
رضیہ شمس	معظمہ بتول	سلطانہ اختر	رخشندہ نور	سحرش تمنا	حمیرا مسعود	بدر ناز
گوہر رباب	حمیرا صبیحہ	فرحت نوشین	ملاحت عتیق	آصفہ کنول	تسکین کرن	ثمرین زہرا

نماز وحشت قبر — اضافہ رزق

نماز وحشت قبر

یہ نماز دو رکعت ہے کہ پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد دس مرتبہ سورہ قدر پڑھی جاتی ہے۔ پس جب اس نماز کا سلام دے چکے تو کہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَھَا اِلٰی قَبْرِ فُلَانٍ۔

اے معبود رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور اس نماز کا ثواب فلاں کی قبر پر پہنچا دے۔

ایک اور طریقہ : سید ابن طاؤسؒ نے حضرت رسول ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا میت پر پہلی رات سے زیادہ سخت وقت اور کوئی نہیں ہوتا۔ لہٰذا تم اپنے مرنے والوں پر صدقہ دے کر رحم کرو۔ اگر صدقہ نہیں دے سکتے تو تم میں سے کوئی شخص دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ توحید دو مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ تکاثر دس مرتبہ پڑھے پھر نماز کو سلام کے ساتھ مکمل کرنے کے بعد یوں کہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَھَا اِلٰی قَبْرِ ذَالِکَ الْمَیِّتِ (فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ)

اے معبود رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور اس نماز کا ثواب اس میت (فلاں بن فلاں) کی قبر پر پہنچا دے۔

نماز اضافہ رزق

روایت ہوئی ہے کہ ایک شخص حضرت رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں ایک عیالدار آدمی ہوں اور حالات خراب ہیں۔ آپ مجھے کوئی ایسی دعا تعلیم فرمائیں کہ جس کے ذریعے خدا کو پکاروں تا کہ وہ مجھے اتنا رزق دے کہ میں اپنا قرض اتار دوں اور اپنے عیال کے اخراجات میں اس سے مدد حاصل کروں حضرت رسالت مآبؐ نے فرمایا مکمل وضو کر کے دو رکعت نماز بجا لاؤ کہ جس کے رکوع و سجود کامل ہوں اس کے بعد یہ دعا پڑھو۔

یَا مَاجِدُ یَا وَاحِدُ یَا کَرِیْمُ اَتَوَجَّهُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِکَ اِلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّکَ وَرَبِّ کُلِّ شَیْءٍ وَّاَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِهٖ وَاَسْئَلُکَ نَفْحَةً کَرِیْمَةً مِّنْ نَّفَحَاتِکَ وَفَتْحًا یَسِیْرًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا اَلُمُّ بِهٖ شَعَثِیْ وَاَقْضِیْ بِهٖ دَیْنِیْ وَاَسْتَعِیْنُ بِهٖ عَلٰی عِیَالِیْ۔

اے بزرگی والے اے یگانہ اے عطا کرنے والے میں نے تیری طرف رخ کیا ہے تیرے نبی نبی رحمت محمد ﷺ کے وسیلے سے یا محمد یا رسول اللہ ﷺ بے شک میں نے آپ کے وسیلے سے اللہ کی طرف رخ کیا جو میرا رب آپ کا رب اور ہر چیز کا رب ہے سوال کرتا ہوں اے معبود یہ کہ تو رحمت نازل فرما محمد اور ان کے اہل بیتؑ پر اور سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ تیرے الطاف کریمانہ میں سے لطف خاص کا باسانی کامیابی اور وسیع رزق کا سوال ہے جس سے میری پریشانی دور ہو اور میرا قرض ادا ہو جائے اور اس کے ذریعے اپنے عیال کی کفالت کروں۔

فالنامہ

فالنامہ بروج قدیم حکماء نے تیار کیا ہے اور اس کو معتبر بھی مانا جاتا ہے۔اس لیے جب بھی اس فالنامہ سے فال دیکھنا مقصود ہو تو پاک صاف ہو کر وضو کرلیں اور بسم اللہ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ الحمد اور تین دفعہ قل ہو اللہ احد پڑھیں۔اب خلوص نیت کے ساتھ اپنے داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت نیچے دیئے گئے خانوں میں سے کسی پر بھی رکھ دیں اور اس خانہ کے بروج کے متعلق آئندہ سطور میں جو مضمون درج ہو اس سے اپنی فال کا جواب حاصل کریں۔

حمل

سائل بے قرار ہے اور جسم کی حرارت اکثر تیز رہتی ہے۔ہر وقت رنج والم میں مبتلا رہتا ہے۔اکثر کام حسب خواہش انجام نہیں پاتے۔یہ ایام نحس کا باعث ہے چند یوم اسی حال کے باقی ہیں۔انشاء اللہ عنقریب اچھے دن آئیں گے۔طبیعت مسرور ہوگی اور دل کو ٹھنڈک پہنچے گی فکر و اندیشہ فضول ہے۔استقلال اور دلجمعی سے یہ دن صبر کرنے چاہئیں۔کسی سے دنگا فساد کرنا خرابی کا باعث ہے۔صدقہ دینا اچھا ہے۔مسور کی دال، لال کپڑا منگل کے دن صدقہ کرنا اس ستارہ و بروج کے موافق ہے۔

اسد

سائل دل برداشتہ ہو رہا ہے۔ناامید نہ ہونا چاہیے۔تیرے اس ستارہ کے مطابق کام بن جائے گا۔اگرچہ ذرا مشکل ہے تاہم آسان ہو جائے گا۔فکر نہ کر جو کام بگڑ گیا ہے وہ بھی سنور جائے گا۔کسی حسد و رقابت سے تجھے کوئی نقصان ہے لیکن از خود لڑائی کی چھیڑ ہرگز نہ چھیڑنا۔تو خوش ہو کہ عنقریب تیری دلی آرزو پوری ہونے والی۔اس ستارہ کے مطابق اتوار کے دن دودھ اور گیہوں کا صدقہ دینا مفید ہے۔

قوس

سائل کی صحت اچھی رہے گی۔دشمن پامال ہوں گے۔اکثر نیک لوگوں اور امراء سے ملاقات حاصل ہوگی اور عزت و وقار میں ترقی ہوگی۔صاحب اولاد ہوگا اور تیری اولاد تیری فرمانبردار ہوگی۔ہر ایک کام میں کامیابی حاصل ہوگی لاچار اور بے کس لوگوں کی مدد کیا کر۔اس ستارے کے مطابق چنے کی دال کا صدقہ جمعرات کے دن دینا تیرے لیے فائدہ مند ہے۔

ثور

سائل کے دل کو رنج و غم سے نجات حاصل ہوگی اور جو نقصان ہو گیا ہے اس کی تلافی ہو جائے گی۔تیرے متعلقین میں سے جو شخص سفر میں ہے وہ جلد واپس آ جائے گا۔زراعت سے بہت فائدہ حاصل ہوگا اور عنقریب تجھے ایسی خوشخبری ملے گی جس سے تیری دلی مراد بر آئے گی۔اس ستارہ کے مطابق تیل اور مونگ کی دال صدقہ کرنا تیرے لیے مفید ہے۔

جوزا

سائل کے عم میں برکت حاصل ہوگی جو کام رکا ہوا ہے وہ حسب خواہش ہو جائے گا۔ موجودہ چند دن بے شک خراب ہیں لیکن عنقریب اچھے دن آئیں گے۔ ستارہ اقبال چمکنے والا ہے۔ جس چیز کی خواہش میں بے قرار ہے وہ حاصل ہوگی۔ ایک شخص تجھ سے رفاقت کرے گا اور اس کی رفاقت سے تجھے مسرت حاصل ہوگی بلکہ مال و دولت ہاتھ آئے گی۔ چند دن کی بات ہے۔ صبر اختیار کر۔ اس ستارہ کے مطابق فاختئی رنگ کا کپڑا اور مونگ بدھ کے روز صدقہ کرنا تیرے لیے سودمند ہے۔

سرطان

سائل کا ستارہ روشن ہے لیکن چند دن کے لیے پنہاں ہے۔ تیرا مرتبہ بڑھنے والا ہے اور تو دولت مند ہوگا اگرچہ موجودہ ایام میں تو بے قرار رہتا ہے لیکن عنقریب تیرا دل مطمئن اور مسرور ہو جائے گا۔ اور حسب خواہش تیرے دل کی مراد بر آئے گی۔ تو صاحب اولاد بھی ہوگا اور تیری اولاد بھی تیری فرمانبردار رہے گی۔ اس ستارہ کے مطابق دودھ، چاول، کوڑیاں پیر کے دن صدقہ کرنا فائدہ مند ہوگا۔

سنبلہ

سائل مریض معلوم ہوتا ہے۔ یہ مرض جاتا رہے گا۔ لیکن ذرا دیر سے۔ کسی نیک عادل سے تیری دلی آرزو بر آئے گی۔ جو عمل تجھے بتائے ان پر عمل کرنا اور اپنا راز دل کسی پر ظاہر نہ ہونے دینا اگر تو ایسا کرے گا تو خوشحال، تندرست اور بامراد ہو جائے گا۔ اس ستارہ کے مطابق پانچ دالیں اور فاختئی کے رنگ کا کپڑا جمعہ کے دن صدقہ کرنا مفید ہے

میزان

یہ فال ترقی کاروبار اور رزق کی کشائش کا باعث ہے۔ سائل اپنے حاسدوں اور دشمنوں پر غالب رہے گا۔ سفر میں جانے سے فائدہ حاصل ہوگا۔ تندرست اور توانا ہو جائے گا۔ صاحب اولاد بنے گا اور جو آرزو دل میں رکھتا ہے وہ پوری ہوگی۔ عنقریب سائل کو تمام خوشیاں اور مسرتیں حاصل ہو جائیں گی۔ مایوس نہ ہو اس ستارہ کے مطابق تیل اور مونگ جمعہ کے روز صدقہ کرنا تیرے لیے مفید ہے۔

عقرب

سائل ایام نحوست میں مبتلا ہے۔ ہر وقت رنج و الم میں پریشان رہتا ہے اور دل میں کسی بات کا خدشہ لگا ہوا ہے۔ اپنی آرزو سے مایوس ہو رہا ہے لیکن اپنے مصائب سے دل برداشتہ نہ ہونا چاہیئے کیونکہ یہ دن فی الواقع خراب ہیں۔ مایوس نہ ہو عنقریب دن اچھے آئیں گے۔ تیری سب مشکلات آسان ہو جائیں گی۔ صبر اور استقلال سے دن گزار دے پھر دیکھ تجھے کیسا اطمینان اور کتنی خوشی حاصل ہوگی۔ اس ستارہ کے مطابق مسور کی دال، سیندور اور سرخ رنگ کا کپڑا منگل کے دن صدقہ کرنا تیرے لیے بہتر ہے۔

جدی

تیرا بے شک کوئی حاسد ہے اور تو اس بات پر تعجب کرتا ہے کہ جس کے ساتھ تو محبت کرتا ہے وہی تیری مخالفت پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ اکثر بار ایسا بھی ہوا ہے کہ جن لوگوں پر تو نے اعتبار کیا اور جس بات کا تجھ سے انہوں نے وعدہ کیا انہی لوگوں نے تیرے ساتھ دغا اور بے وفائی کی ہے لیکن تو ہرگز نہ گھبرا۔ یہ چند دن کی بات ہے۔ عنقریب تیرے دن اچھے آئیں گے اور سب کام تیرے درست ہو جائینگے اس ستارہ کے مطابق ہفتہ کے روز ماش اور تیل کا صدقہ دینا تیرے لیے فائدہ مند ہے۔

حوت

یہ فال ہر دلعزیزی پر دلالت کرتی ہے تو نیکی کی طرف راغب ہوگا اور بزرگوں کی عقیدت سے دین و دنیا میں تیرا بھلا ہوگا۔ ہمیشہ خوشحال

اور تندرست رہے گا تیرے حاسد ذلیل و خوار ہوں گے اور تیرے مراتب بڑھ جائیں گے۔ تیرے دل میں جس کی محبت ہے وہ بھی تجھ سے محبت کرے گا۔ اس ستارہ کے مطابق چنے کی دال اور ہلدی کی گرہ کا جمعرات کے دن صدقہ دینا تیرے لیے سود مند ہے۔

دلو

سائل کے دل میں تنہائی اور یکسوئی کی خواہش ہے۔ ہجوم خلق اور زیادہ میل ملاپ سے نفرت ہے طبیعت فکرمند اور دل اچاٹ رہتا ہے۔ لیکن تیرا ایک حاسد اور دشمن ہے جو سیاہ رنگ کا ہے۔ اس کی تجھ کو خبر نہیں۔ لیکن وہ تیرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ تیرے دل کی آرزو بے شک پوری ہوگی۔ لیکن چند دن کی دیر ہے۔ مایوس نہ ہو بلکہ خوش رہا کر اس ستارہ کے مطابق ہفتہ کے دن ماش اور تیل کا صدقہ کرنا تیرے لیے بہتر ہے۔

رجال الغیب کی تواریخ

سمت	چاند کی تواریخ
جنوب مشرق	۱ ـ ۹ ـ ۱۶ ـ ۲۴
جنوب مغرب	۲ ـ ۱۰ ـ ۱۷ ـ ۲۵
جنوب	۳ ـ ۱۱ ـ ۱۸ ـ ۲۶
مغرب	۴ ـ ۱۲ ـ ۱۹ ـ ۲۷
شمال مغرب	۵ ـ ۱۳ ـ ۲۰ ـ
شمال مشرق	۶ ـ ۱۴ ـ ۲۱ ـ
مشرق	۷ ـ ۱۵ ـ ۲۲ ـ ۲۹
شمال	۸ ـ ۱۶ ـ ۲۳ ـ ۳۰

پہچان یہ ہماری شرافت کی عدم
ابن علی کے پائے مقدس کی خاک ہیں
(سید عبدالحمید عدم)

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

ماہ	نگینہ	ماہ	نگینہ
جنوری	یاقوت۔لعل۔عقیق سرخ	جولائی	یاقوت۔عقیق یمنی
فروری	نیلم۔لاجورد۔حجر القمر	اگست	مونگا۔یاقوت
مارچ	فیروزہ	ستمبر	نیلم۔یاقوت
اپریل	ہیرا۔نیلم۔یاقوت	اکتوبر	اوپل۔درنجف۔زبرجد
مئی	زمرد۔عقیق یمنی	نومبر	پکھراج۔زبرجد
جون	موتی۔زمرد	دسمبر	لاجورد۔یاقوت

ہاتھوں کی لکیروں کے ذریعہ پیشین گوئی کرنا

ہاتھ کی مختلف ریکھاؤں سے کسی بھی شخص یا عورت کے میلانات، شخصیت، اندرونی خوبیاں اور ترجیحات، گزشتہ حالات اور آنے والے حالات کے بارے میں بتایا جا سکتا ہے۔ ہاتھ میں پائی جانے والی چار اہم ریکھاؤں 'حیوۃ ریکھا'، دماغ ریکھا، دل کی ریکھا اور قسمت ریکھا کا احوال گذشتہ برس کی جنتری کے صفحہ 17 پر دیا جا چکا ہے۔ چند مزید اہم ریکھاؤں کی جانکاری نیچے دی جا رہی ہے۔



۱۔ سورج ریکھا: یہ ریکھا بھی دیگر ریکھاؤں کی طرح چندر پربت سے ہتھیلی کے درمیان سے ہوتے ہوئے منگل پربت سے ہوتی ریکھا اور دل کی ریکھا سے نکلتی ہے اور سورج پربت کی طرف انامیکا انگلی کی جڑ تک جاتی ہے۔ اسے چند ریکھا، دھن ریکھا، دویا ریکھا، سورج ریکھا وغیرہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ انسانی زندگی میں اس کی اہمیت بھی کم نہیں ہے۔ جب یہ ریکھا کسی کے ہاتھ میں ہوتی ہے تو سورج ریکھا کی مدد سے ریکھا کام کرتی ہے۔ اگر یہ ریکھا گہری ہو تو وہ شخص دھن دولت، نام اور شہرت پاتا ہے۔ اگر کوئی چھوٹی ہو تو ایسا شخص خرچیلا (فضول خرچ) ہو اور روپے پیسے کے بغیر پریشان رہنے والا ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا انامیکا انگلی کی جڑ والے حصے میں کافی گہری ہو تو ایسا شخص کافی عزت اور وقار والا ہوتا ہے۔ کٹی پھٹی ہو تو رتبہ میں کمی واقع ہوتی ہے۔ اگر یہ ریکھا مدھم ہو تو بھی عزت ملتی ہے۔ اگر یہ ہمت سورج شخر کے پربت اچھے نظر ہوتے ہیں اور ریکھائیں بھی ہوں تو ساتھ ساتھ سورج ریکھا بھی ہو تو ایسے شخص کی کسی شعبہ میں جانی جاتی اور حاصل ہوتی ہے۔

۲۔ صحت ریکھا: اس ریکھا کو بدھ ریکھا، کیریئر ریکھا یا اردو میں ریکھا بھی کہتے ہیں۔ کچھ لوگ صحت ریکھا اور بدھ ریکھا کو الگ الگ ریکھا بتاتے ہیں لیکن اکثر ہست ماہر کہتے ہیں کہ صحت کی ریکھا ہی بدھ ریکھا ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کیونکہ دونوں ریکھاؤں کے شروع ہونے کا مقام اور پہنچنے کا مقام ایک ہی مانے جاتے ہیں۔ صحت ریکھا آغاز میں کلائی یا مدھ سے یا اس کے اوپر سے چندر استھان یا جیون ریکھا سے شروع ہوتی ہے۔ زیادہ تر یہ ریکھا جیون ریکھا سے ہی کہیں نکل کر بدھ شخر تک جاتی ہے۔ صحت ریکھا کا ہاتھ میں نہ ہونا زیادہ اچھا مانا جاتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ اس ریکھا کے ہاتھ میں ہونے سے صحت خراب ہی ہوتی ہے۔ تاہم اگر صحت ریکھا چھوٹی ہو یا ٹوٹی ہو تو وہ شخص صحت مند رہتا ہے۔ اگر یہ ریکھا ٹوٹی پھوٹی ہو یا کٹی پھٹی ہو تو متعلقہ شخص کو پیٹ کی تکلیف ہوتی ہے۔

اگر صحت ریکھا کسی مدھ سے نکل کر الجھی ٹوٹی پھوٹی گہری صاف اور صحیح ہو کر بدھ پربت تک چلی جائے تو ایسا شخص عقلمند، خوش قسمت، شہرت یافتہ اور عیش پرست ہوتا ہے۔ صحت ریکھا کے ساتھ ساتھ اگر سورج ریکھا اور قسمت ریکھا بھی اہم ہو تو وہ شخص ہمیشہ سُکھی رہ کر ہر کام میں کامیابی حاصل کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اگر بدھ پربت بھی اونچا اٹھا ہوا ہو تو وہ شخص صحت مند، طاقتور ہو کر آزادانہ کاروبار کر کے دھن دولت اور شہرت حاصل کرتا ہے۔ اگر صحت ریکھا مسلسل ہو کر دماغ ریکھا اور دل کی ریکھا کے درمیان ہی دکھائی دے مگر ان دونوں کو کاٹتی ہو تو ایسا شخص دماغی امراض میں مبتلا رہتا ہے اسے عموماً بخار بھی رہتا ہے۔ صحت ریکھا اگر بل کے مانند باریک و ٹیڑھی ہونے کے ساتھ ساتھ صاف اور واضح طور پر دکھائی دے تو ایسا شخص بے رحم ہوتا ہے۔

۳۔ وواہ ریکھا: چھوٹی انگلی کے نیچے بدھ پربت کے باہری حصے سے ایک چھوٹی سی ریکھا بدھ پربت کی طرف دل کی ریکھا کے اوپر سے چلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ کسی کسی ہاتھ میں ایک سے زیادہ ریکھائیں بھی ہوتی ہیں۔ ان کو وواہ ریکھا کہتے ہیں۔ ہر مرد و عورت کے دماغ میں پیار بھرے رشتے (جیون ساتھی) کی خواہش ہونا قدرتی ہے اور اسی خواہش کی تکمیل یا عدم تکمیل کا اظہار اسی ریکھا سے کیا جاتا ہے۔ ہست ریکھا کے ماہرین نے اس ریکھا کو بھی بہت زیادہ اہمیت دی ہے۔ جو وواہ ریکھا صاف، واضح اور گہری ہو تو وہ شادی ہونے کی مظہر ہے جبکہ کٹی پھٹی یا باریک نظر آتی ہوئی بہت چھوٹی وواہ ریکھا بیاہ شادی کے بعد بھی پریم سمبندھ ہو کر کسی وجہ سے شادی نہ ہونے یا تعلق ختم ہونے تک محدود ہوتی ہے۔ یا ایسے عورت یا مرد کی وجہ سے ایک دوسرے سے الگ رہتے ہیں۔ اگر گہری ریکھا کئی بار بدھ پربت تک نہ پہنچے تو یہ دوسرے بیاہ ہونے کی مظہر ہے۔ وواہ ریکھا جتنی گہری صاف اور واضح بدھ پربت سے پہچان کرتے ہی اتنی ہی شادیاں ہونے کے یوگ سمجھنا چاہیے۔ جو ریکھا جتنی صاف اور واضح ہو گی پیار محبت کا سمبندھ اتنا ہی گہرا ہو گا۔ کبھی کبھی ایسا بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ دو وواہ ریکھا کے ہوتے ہوئے بھی متعلقہ شخص کا وواہ نہیں ہوتا لیکن ایسا ہونے کے باوجود بھی اس شخص کے کسی کنواری لڑکی یا شادی شدہ عورت سے پریم سمبندھ ضرور ہوتے ہیں۔ دیکھنے لوگوں کیا گیا ہے کہ وواہ ریکھا باہر کی طرف کمزور ہوتی ہے۔ وواہ ریکھا میں کہیں باہر کی طرف اگر جزیرہ کا نشان ہو تو اپنے شخص کا اپنی عورت کے ساتھ کچھ وقت تک اچھا سمبندھ ہوتا ہے۔ اس کے بعد دونوں کے کاروبار ہی اس سے جدائی یا لڑائی جھگڑے کے کاروبار رکھوا نا پڑتا ہے۔

۴۔ سنتان ریکھا: سنتان ریکھاؤں کے متعلق بھی ودوانوں اور ہست ریکھا کے ماہرین میں اختلاف رائے ہے بعض آچاریوں کا کہنا ہے کہ انگوٹھے کی جڑ میں سنتان ہونے کی ریکھا ہوتی ہے اس میں جو ریکھا موٹی، صاف اور گہری ہو گی وہ لڑکا ہونے کی مظہر ہو گی جبکہ پتلی اور چھوٹی سنتان ریکھائیں لڑکی کا ہونا ظاہر کرنے گی۔ ٹوٹی پھوٹی اور کٹی پھٹی ریکھا ہو تو وہ حمل کے گر جانے یا کم عمر سنتان ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ کئی دفعہ سے انگوٹھے

کی جڑ تک شگر پہاڑ پر جو عمودی ریکھا ئیں ہیں۔ وہی سنتان ریکھائیں قرار دی جاتی ہیں ان میں سے صاف گہری اور لمبی ریکھائیں لڑکے، پتلی، چھوٹی اور دھندلی ریکھائیں ہونے کی مظہر ہوتی ہے۔ کٹی پھٹی۔ ٹوٹی پھوٹی غیر واضح ریکھا حمل گر نے یا سنتان ہانی کو ظاہر کرتی ہیں۔ کبھی آجاتا ہے یہ منی بندھ سے دل کی ریکھا کے بیچ میں پڑی ریکھاؤں کو سنتان ریکھا کہتے ہیں۔ ان میں مذکر و مونث بچوں کے لئے بچے پیدائش کی پیدائش کا وجہ کیا جاسکتا ہے۔ بعض ماہرین بدھ پربت پر واقع ریکھا ہے اس پر۔ چھوٹی چھوٹی پتلی باریک ریکھائیں ہوتی ہیں جن کو سنتان ریکھا ئیں کہتے ہیں۔ ان میں زیادہ واضح بچے اور پتلی ریکھائیں۔ بچی کی مظہر ہوتی ہے۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ انگوٹھے کی جڑ میں جتنے جو ہوں اتنے ہی بچے پیدا ہوتے ہیں۔ پہلی رائے یا کھ سے سمجھنا چاہئے۔ ایک طرف ہو تو اتنی ہی بچیاں ہوتی ہیں جیسے نوٹ وغیرہ صحیح ہو کر ہو یا نہ ہو یا کم عمر سنتان کی نشاندہی کرتے ہیں ٹوٹنے والے اور صاف و صحیح ہوں وہی جو کہ عمر والی سنتان کے مظہر ہوتے ہیں۔ عورت اور مرد دونوں کے ہاتھوں کو دیکھ کر ہی ان کی سنتان کے بارے میں بتا ہو تا چاہئے کیونکہ دونوں سے جو ٹ کے بغیر سنتان نہیں ہو سکتی۔

۵۔ بھائی بہن ریکھا:۔ بعض ماہرین کی رائے کے مطابق انگوٹھے کی جڑ سے منی بندھ کے نزدیک تک کی سنتان ریکھائیں ہی بہن بھائی کی ہوتی ہیں۔ جبکہ بعض ماہر منی بندھ سے دل کی ریکھا کے بیچ چندر شکل پربت پر ہونے والی ریکھاؤں کو ہی بھائی بہن ریکھا تسلیم کرتے ہیں۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ منگل ہی عمر ترقی کا سبب کرتا ہے۔ لہذا منگل پربت اور چندر پربت پر کی ریکھا میں ہی بھائی بہن کی مظہر ہوتی ہیں۔ ان میں سے واضح گہری اور صاف ریکھا ئیں بھائی کی اور پتلی چھوٹی غیر صاف اور دھیمی ریکھائیں بہن کی نشاندہی کرتی ہیں۔ منگل پربت پہ ہاتھ ہونے کی صورت میں ان ریکھاؤں سے والد کے بچے پیدا ہونے کو بھی یہ بھائی کی مظہر ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس چندر پربت پر ہونے پر گہری اور واضح ریکھائیں بھی زیادہ بہن یا مرے ہوئے بھائی کی مظہر ہو گی۔ کٹی پھٹی اور غیر واضح ریکھائیں بہن بھائی کی ہانی یا ان کے نہ ہونے کی نشاندہی کرتی ہیں۔ باپ کی ریکھا سے رنگ کی ریکھا سے بھائی بہن کو فکر ہوتا ہے۔

۶۔ منی بندھ ریکھائیں:۔ صاف یا دھندلی ہو کر منی بندھ کے مقام پر ایک دوسرے کے متوازی پڑی ہوئی دکھائی دینے والی ریکھائیں۔ منی بندھ ریکھائیں ہوتی ہیں۔ جو ہتھیلی کو انگلی سی کڑی ہوتی معلوم پڑتی ہیں۔ اگر یہ ریکھائیں ایک دو تین یا چار بھی ہو سکتی ہیں۔ زنجیر نما ہونے سے اس شخص کی زندگی سخت محنت سے گزرے گی۔ یعنی سخت محنت کے بعد ہی دھن دولت حاصل ہوگا۔ لیکن ایسا شخص رفتہ رفتہ طور پر کافی ترقی کر سکتا ہے۔ ایسی ریکھا کسی عورت میں ہونے کی وجہ سے وہ غریب اور بے قاعدہ زندگی بسر کرے گی۔ منی بندھ کی پہلی ریکھا سے (جو ہتھیلی کی طرف ہو) عمر، دھن، دولت اور شہرت کی جانکاری ملتی ہے جبکہ دوسری ریکھا سے تعلیم، شادی، خوشحالی اور تیسری اور چوتھی ریکھا سے عورتوں سنتان اور بھگتی سکھ کا گیان ہوتا ہے۔ ان میں سے جو ریکھائیں صاف، شدید گہری اور واضح ہوں ان سے متعلقہ حقائق پھل شبھ ہوتے ہیں۔ بصورت دیگر پھل خراب ہوتا ہے۔ اگر مانو لی پہلی صاف واضح اور گہری ٹھیک شکل میں ہو۔

ریکھائیں تین ہوں تو وہ شخص دھن دولت و مایا ہر طرح سے سکھ و آرام و چین والا ہو گا۔ اگر یہ ریکھائیں چار ہوں تو وہ شخص بادشاہ ہوتا ہے دو ریکھائیں ہوں وہ شخص اور ایک ریکھا ہو تو دولت کی کمی اور دکھی زندگی بسر کرنے والا ہوتا ہے۔

عورتوں کی ہتھیلی کے نشانات

۱۔ جس عورت کے ہاتھ میں مچھلی کا نشان ہو وہ خوش قسمت اور دولت مند ہوتی ہے۔

۲۔ ہتھیلی میں سواستک نشان والی عورت دانی ہوتی ہے۔

۳۔ اگر راج محل کا نشان ہو تو ایسی عورت چکروتی راجہ کی رانی ہوتی ہے۔ شنکھ، چھتر اور گھوڑے کے نشان والی عورت راج ماتا ہوتی ہے۔ ہاتھی، گھوڑے، بیل، بندر اور وجر نشان والی عورت دھرماتما ہوتی ہے اور وہ دان پن کو جنم دینے والی ہوتی ہے۔

۴۔ جس عورت کے ہاتھ میں ترازو کا نشان ہو وہ سوداگر کی بیٹی ہوتی ہے۔ بیل یا گاڑی کے نشان والی عورت کسان کی بیوی جبکہ چامر، دانش اور دشمنی کے نشان ہونے پر ایسی عورت ضروری طور پر راج رانی ہوتی ہے۔ ترشول، گدا، تلوار شکتی والی ہونے اور دان دینے سے شہرت حاصل کرتی ہے۔ اسی طرح شبھ نشانات ہونے سے وہ عورت دانی کرتی ہے اور تعلیم اور پڑھائی میں ترقی ہو سکتی ہے۔

۵۔ ہاتھ میں کیوڑا، بچھو، سانپ، گدھا، اونٹ اور بلی وغیرہ کا نشان ہونے سے وہ عورت دوسروں کو دکھ دینے والی بدقسمت ہو گی۔

ہاتھ میں تل کا نشان

تل کا نشان جس ریکھا یا پربت پر ہو گا اس کے شبھ پھل کو دوگنا کر دیتا ہے یا مٹھی میں دائیں ہاتھ میں بند کرنے کے مٹھی کے اندر پڑ جاتا ہے، تو ایسا تل انسانی دھن دولت اور جائیداد دینے والا ہوتا ہے۔ روایتی قدیم ماہرین کے خیالات کے مطابق ضروری طور پر دولت مند عمل کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ میں تل ہونے سے خرچ میں اضافہ کرکے دکھ تکلیف اور پریشانی لانے والا ہوتا ہے۔

گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں

موجودہ تاریخ وار اور شہر کی تعداد کا جوڑ (میزان) کر کے جو تعداد حاصل ہو اس میں موجودہ پہر کی تعداد بھی جمع کر لیں۔ کل جوڑ کو ۸ سے ضرب دے کر ۵ سے تقسیم کر دیں۔ اگر باقی ایک بچے تو کوئی ہوئی چیز زمین میں گاڑی ہوئی سمجھیں۔ دو بچیں تو گمشدہ چیز کسی ندی میں ڈوبی ہوئی سمجھیں۔ ۵ بچیں تو گمشدہ چیز بھوسے میں چھپائی سمجھیں۔ ۹ باقی بچیں تو گمشدہ چیز گھر میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔ ۷ بچے پر گمشدہ چیز راکھ میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔

نوٹ:۔ موجودہ دن کے طلوع آفتاب سے آٹھ دن کے طلوع آفتاب تک ۸ پہر ہوتے ہیں۔ ہر دن کے ۴ پہر اور ہر رات کے ۴ پہر ہوتے ہیں۔

جدول نظرات سیارگان 2019ء

تاریخ	سیارگان	نظر	وقت نظر	تاریخ	سیارگان	نظر	وقت نظر	تاریخ	سیارگان	نظر	وقت نظر
جنوری 2019ء				13	قمر شمس	تربیع	3-27	30	قمر مریخ	تثلیث	5-06
2	قمر زہرہ	قران	3-27	16	قمر یورانس	تسدیس	17-49	اپریل 2019ء			
4	قمر عطارد	قران	22-43	17	قمر یورانس	تربیع	19-18	1	قمر مشتری	تسدیس	8-03
6	قمر شمس	قران	6-29	19	قمر یورانس	تثلیث	18-52	3	قمر مشتری	تربیع	20-37
7	قمر زہرہ	تسدیس	11-21		قمر شمس	مقابلہ	20-55	5	قمر شمس	قران	13-52
9	قمر یورانس	تسدیس	21-54	21	قمر پلوٹو	تثلیث	6-53	6	قمر شمس	تثلیث	7-16
11	قمر شمس	تسدیس	19-26	23	قمر یورانس	مقابلہ	20-12	8	قمر پلوٹو	تثلیث	13-30
14	شمس نیپچون	تربیع	0-02	25	قمر زہرہ	تسدیس	17-15	10	قمر مشتری	مقابلہ	22-28
	قمر شمس	تربیع	11-47	26	قمر شمس	تربیع	16-29	13	قمر شمس	تربیع	0-07
	قمر یورانس	قران	20-57	28	قمر یورانس	تثلیث	11-18		قمر عطارد	تثلیث	4-34
16	قمر شمس	تثلیث	23-35	مارچ 2019ء				15	قمر شمس	تثلیث	6-40
19	قمر یورانس	تسدیس	6-33	2	قمر یورانس	تربیع	23-48	17	قمر زہرہ	مقابلہ	9-30
21	قمر یورانس	تربیع	6-51	5	قمر یورانس	تسدیس	13-06	19	قمر شمس	مقابلہ	16-13
	قمر شمس	مقابلہ	10-17	6	قمر شمس	قران	21-05	21	قمر پلوٹو	تسدیس	9-01
23	قمر یورانس	تثلیث	6-20	8	قمر عطارد	قران	0-09	23	قمر مشتری	قران	16-45
24	قمر پلوٹو	تثلیث	18-51	9	قمر مشتری	تثلیث	22-15	26	قمر پلوٹو	قران	0-49
27	قمر یورانس	مقابلہ	10-22	12	قمر عطارد	تسدیس	14-32	27	قمر شمس	تربیع	3-19
28	قمر شمس	تربیع	2-12	14	قمر شمس	تربیع	15-28	28	قمر مشتری	تسدیس	14-45
29	قمر پلوٹو	تسدیس	3-40		قمر عطارد	تربیع	17-32	مئی 2019ء			
31	زحل نیپچون	تسدیس	0-02	16	قمر شمس	تثلیث	23-04	1	قمر مشتری	تربیع	2-58
فروری 2019ء				18	قمر مشتری	تثلیث	20-20	3	قمر عطارد	قران	13-48
1	قمر یورانس	تثلیث	3-34	20	قمر مشتری	تربیع	20-23	5	قمر شمس	قران	3-47
3	قمر یورانس	تربیع	15-54	21	قمر شمس	مقابلہ	6-44		قمر پلوٹو	تثلیث	20-11
5	قمر شمس	قران	2-05	22	قمر زہرہ	تثلیث	23-11	8	قمر مریخ	قران	4-51
6	قمر یورانس	تسدیس	5-00	25	قمر زہرہ	تربیع	7-25	10	قمر زہرہ	تربیع	7-07
8	قمر پلوٹو	تسدیس	3-14	27	قمر مشتری	قران	7-38	12	قمر شمس	تربیع	6-13
11	قمر یورانس	قران	4-49	28	قمر شمس	تربیع	9-11		قمر مریخ	تسدیس	17-26

اثرات قمر

مختلف بروج میں قمر کے دخل کی تاریخیں اور اوقات درج کیے گئے ہیں۔ جب کسی کام کو شروع کرنا ہو یا کر لیا ہو تو یہ دیکھیں کہ قمر کس برج میں ہے۔ اس نقشے کی روشنی میں کام کر کے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

معاملات	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ملاقات حکمران و وزراء	سعد	سعد	سعد	سعد	سعد	درمیانہ	نحس	نحس	سعد	نحس	نحس	سعد
ملاقات عورت یا محبوب	نحس	سعد	درمیانہ	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	نحس	سعد	نحس	نحس	درمیانہ
آغاز عمل وظیفہ	نحس	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد
نیا کام شروع کرنا	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	درمیانہ	نحس	سعد	سعد
آغاز علاج	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد	سعد
غسل صحت	سعد	درمیانہ	سعد	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد	سعد
نیا لباس پہننا	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد
نکاح کرنا	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد
منگنی کرنا	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد
بچے کا نام رکھنا	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	نحس	نحس	درمیانہ	سعد	سعد
اسکول کا داخلہ	نحس	نحس	سعد	درمیانہ	درمیانہ	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس	نحس	سعد
ختنہ کرنا	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد	سعد	درمیانہ
دوست بنانا	سعد	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	درمیانہ	درمیانہ
جلسہ کرنا	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ	نحس	درمیانہ	سعد
دعویٰ کرنا	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ	سعد
تبدیلی مکان	سعد	نحس	سعد	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد
آغاز سفر	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد
قرض دینا	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ	سعد	نحس	درمیانہ
قرض لینا	نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد	سعد
شراکت کرنا	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد	سعد	درمیانہ	سعد
مقدمہ کرنا	نحس	درمیانہ	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد
جائیداد کی خرید	نحس	سعد	درمیانہ	درمیانہ	سعد	سعد	نحس	سعد	درمیانہ	سعد	سعد	سعد
جائیداد کی فروخت	سعد	نحس	درمیانہ	درمیانہ	نحس	نحس	سعد	نحس	درمیانہ	نحس	نحس	نحس
آغاز تجارت	سعد	سعد	سعد	درمیانہ	نحس	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس	درمیانہ	سعد
مکان کی بنیاد	نحس	سعد	نحس	نحس	سعد	سعد	نحس	درمیانہ	درمیانہ	درمیانہ	سعد	نحس
رشتہ داروں سے ملاقات	سعد	سعد	درمیانہ	سعد	نحس	سعد	درمیانہ	نحس	درمیانہ	نحس	سعد	سعد
آپریشن کرانا	سعد	سعد	درمیانہ	درمیانہ	سعد	نحس	نحس	نحس	درمیانہ	نحس	نحس	سعد

خواتین کے مزاج پر چاند کے اثرات

یورپ اور امریکہ کے ماہرین تحقیقات پر یہ انکشاف ہوا ہے کہ خواتین کا مزاج پورے سال چاند کے اثرات کے زیر اثر رہتا ہے جب چاند مختلف بروج میں داخل ہوتا ہے تو مزاج میں اس برج کی مناسبت سے تبدیلی آتی رہتی ہے۔ تحقیق کے بعد یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچی کہ اکثر شادی شدہ خواتین ایسی تھیں جن کے استقرار حمل کے دن چاند اگر مذکر برج میں ہے تو حمل کی مدت گزرنے کے بعد ان کے یہاں نرینہ اولاد ہوئی اگر چاند مونث برج میں تھا تو بیٹی کی ولادت ہوئی۔ منقلب برج میں چاند ہو تو حمل ساقط ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ چاند ہر برج میں تقریباً سوا دو دن رہتا ہے۔ بارہ بروج کا دورہ 28 دن میں مکمل کر لیتا ہے۔ یہ جاننے کے لئے قمر کس برج میں ہے اس کے لئے آپ شمع روحانی جنتری 2019ء کا صفحہ 6 ملاحظہ فرمائیں مثلاً ہمیں 2 جنوری 2019ء کو دیکھنا ہے کہ قمر کس برج میں ہے، صفحہ 6 میں مواقع قمر دیکھا تو معلوم ہوا کہ قمر برج قوس میں 14 بجکر 0 منٹ دوپہر کو داخل ہوگا۔ ہر سال 2 جنوری کو قمر برج قوس میں نہیں ہوگا یعنی ہر مرتبہ یہ مختلف برج میں ہوگا۔ اس لئے آپ کو شمع روحانی جنتری نئے سال کی اپنے پاس رکھنی پڑے گی۔

خواتین اپنے مخصوص ایام کے دوران یہ بات نوٹ کر لیں کہ چاند کس برج میں تھا ہر ماہ انہی تاریخوں میں چاند اسی بروج میں ہوگا۔ جب اکتاہٹ طبیعت میں محسوس ہو تو دیکھیں کہ چاند کس برج میں ہے ہر ماہ جب چاند اس برج میں داخل ہوگا تو آپ کو یہ کیفیت محسوس ہوگی اس کے علاوہ طبیعت میں ڈپریشن ہونا یا بشاشت کی کیفیت چاند کے اثرات کے زیر اثر ہوگی اگر آپ چاہتی ہیں کہ ہر ماہ قبل از وقت مختلف کیفیات کے بارے میں آپ کو معلوم ہو جائے تو آپ اس طرح کریں کہ کسی ایک ماہ میں اپنی مختلف کیفیات کا جائزہ لے کر اپنے پورے سال کے ہر مہینے کی کیفیات سے قبل از وقت آگاہ ہو جائیں گی کیونکہ ہر ماہ کسی بھی تاریخ میں جب چاند کی وہی علامت آئے گی تو آپ پر وہی مزاجی کیفیت طاری ہوگی ضروری نہیں ہے کہ ہر ماہ 2 تاریخ کو چاند (قمر) برج قوس میں ہی ہو یعنی 2 جنوری کو قمر (چاند) برج قوس میں ہو۔

بعض اوقات ایک ماہ میں دو مرتبہ چاند (قمر) داخل ہوگا۔ مثلاً 2 جنوری 2019ء کو چاند برج قوس میں تھا دوسری مرتبہ 29 جنوری 2019ء کو برج قوس میں ہوگا۔ اس لئے آپ اسی کیفیت کو دوبارہ محسوس کریں گی یعنی ہر 28 دن کے بعد قمر (چاند) اسی برج میں ہوگا جہاں 28 دن پہلے تھا کیونکہ ہر 28 دن بعد آپ پر وہی کیفیت طاری ہوگی جو 28 دن پہلے تھی۔ پہلے پہل آپ اپنی مزاجی کیفیت کے بارے میں جو اندازہ لگائیں گی وہ اتنی فیصد درست ثابت ہوگا۔ برج بھی اپنے اثرات دکھائے گا۔ اس وجہ سے کبھی کبھار آپ کا اندازہ غلط بھی ہو سکتا ہے لیکن ایک دو ماہ مسلسل اپنی مزاجی کیفیت کا مطالعہ کرنے کے بعد تھوڑی سی غلطی کا امکان بھی ختم ہو جائے گا اس طرح خواتین یہ بھی بتا سکیں گی کہ استقرار حمل کے وقت برج مذکر تھا تو بیٹا، مونث تھا تو بیٹی اور اگر ساقط ہو تو حمل ساقط ہونے کا خطرہ۔ اگر وہ چاہتی ہیں کہ اپنی مرضی سے بیٹا یا بیٹی پیدا کریں تو وہ اپنے شوہر سے مذکر برج میں ملاقات کریں تو بیٹا اور مونث برج میں ملیں تو بیٹی۔ ساقط برج میں ملنے سے پرہیز کریں مذکر مونث اور ساقط بروج کے نام نیچے درج کئے جاتے ہیں۔

مذکر: حمل۔ اسد۔ میزان۔ دلو

مونث: ثور، سرطان، عقرب، جدی

ساقط: جوزا، سنبلہ، قوس، حوت

سیارگان کے شرف و ہبوط اوج و حضیض 2019ء

شمس SUN

حالت	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
حضیض	09 جنوری	18:48	10 جنوری	18:20
شرف	08 اپریل	07:59	09 اپریل	08:23
اوج	11 جولائی	19:01	12 جولائی	20:12
ہبوط	11 اکتوبر	19:59	12 اکتوبر	20:16

عطارد MERCURY

حالت	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
ہبوط	18 فروری	13:03	19 فروری	03:22
حضیض	09 مئی	02:42	09 مئی	15:15
شرف	05 ستمبر	17:04	06 ستمبر	05:44
اوج	06 اکتوبر	09:50	07 اکتوبر	03:22

زہرہ VENUS

حالت	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
حضیض	27 جنوری	04:14	28 جنوری	01:41
شرف	17 اپریل	13:50	18 اپریل	09:40
اوج	26 جون	11:42	27 جون	07:21
ہبوط	11 ستمبر	13:23	12 ستمبر	08:43
حضیض	18 نومبر	23:19	19 نومبر	18:40

مریخ MARS

حالت	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
ہبوط	27 جون	11:12	29 جون	00:54
اوج	30 جولائی	12:36	01 اگست	02:25

قمر MOON

حالت	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
شرف	15 جنوری	03:16	15 جنوری	05:09
ہبوط	27 جنوری	16:04	27 جنوری	17:51
شرف	11 فروری	10:19	11 فروری	12:13
ہبوط	24 فروری	00:22	24 فروری	02:05
شرف	10 مارچ	16:00	10 مارچ	17:56
ہبوط	23 مارچ	10:36	23 مارچ	12:18
شرف	06 اپریل	21:54	06 اپریل	23:48
ہبوط	19 اپریل	21:01	19 اپریل	22:41
شرف	04 مئی	05:04	04 مئی	06:57
ہبوط	17 مئی	05:50	17 مئی	07:32
شرف	31 مئی	13:29	31 مئی	15:22
ہبوط	13 جون	12:31	13 جون	14:16
شرف	27 جون	22:21	27 جون	00:15
ہبوط	10 جولائی	17:59	10 جولائی	19:44
شرف	25 جولائی	06:36	25 جولائی	08:32
ہبوط	06 اگست	23:57	06 اگست	01:41
شرف	21 اگست	13:34	21 اگست	15:32
ہبوط	03 ستمبر	07:54	03 ستمبر	09:34
شرف	17 ستمبر	19:28	17 ستمبر	21:27
ہبوط	30 ستمبر	17:56	30 ستمبر	19:33
شرف	15 اکتوبر	01:19	15 اکتوبر	03:17
ہبوط	28 اکتوبر	04:43	28 اکتوبر	06:20
شرف	11 نومبر	08:12	11 نومبر	10:08
ہبوط	24 نومبر	14:17	24 نومبر	15:56
شرف	08 دسمبر	16:24	08 دسمبر	18:20
ہبوط	21 دسمبر	21:22	21 دسمبر	23:04

جادو کی سائنٹیفک اور علامتی پہچان و روحانی علاج

سو موجودہ دور میں جبکہ ہر فرد نفسی نفسی کا شکار ہے اور اخلاقی اقدار کا زوال ہو چکا ہے بھائی بھائی کا دشمن ہو چکا ہے بغض حسن کی شدید لفضاء قائم ہو چکی ہے ایسے وقت میں شیطان اپنی کارستانیاں دکھانے میں کوئی لمحہ ضائع نہیں کرتا آج کل لوگ اپنے مخالفین کو براہ راست قتل کرنے یا بدلہ لینے کی بجائے سفلی ہتھکنڈوں کو شدت سے استعمال کر رہے ہیں جن میں کالا علم، جادو ٹونہ اور سفلی عملیات سرفہرست ہیں اگرچہ یہ تمام معاملات کرنے والوں کو یہ نہیں پتہ کہ ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے اور یہ دنیا مکافات عمل ہے یہاں ہم جو کچھ بوتے ہیں وہ ہمیں کاٹنا بھی پڑے گا اگر خود نہ سہی تو یہ ہمارے آنے والی نسلوں کو فصل ردعمل کاٹنا پڑے گی جو بالکل بے خبر ہوں گے کہ ان کے بڑوں نے کیا عمل کیا ہے ان کو تو سب مشکلات اور اذیتیں نظر آئیں گی موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے جادو اور سفلی اثرات کو سائنٹفک اور علامتی طور پر پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے آخر ایک عام انسان کس طرح سے ان مخفی معاملات کو پہچان سکتا ہے اور ان کا روحانی تدارک کر سکتا ہے آج کل بہت سے غلط لوگ بھی روحانی عامل بن گئے ہیں اور لوگوں سے بڑی بڑی رقمیں جادو کے توڑ کے لیے ٹھگنے شروع ہو گئے ہیں اور غریب بے چارہ تو ان معاملات میں پس کر ہی رہ گیا ہے جادو سے بچنے کے لیے چند حفاظتی تدابیر بھی بیان کی جا رہی ہیں ان پر عمل کریں تو انشاءاللہ بہتری ہو گی ہماری پہلی کوشش یہ ہو گی کہ کسی بھی فرد پر جادو یا مخفی معاملات کا اثر نہ آئے۔

1۔ اپنے پہنے ہوئے کپڑوں کی حفاظت کریں اور اگر کوئی کپڑا مانگنے آئے تو دینے سے گریز کریں خصوصاً جہاں شک ہو کیونکہ کپڑوں پر بھی بدعملیات ہو جاتے ہیں۔

2۔ اپنے بال خصوصاً جو ترشانے کے بعد بچتے ہوں ناخن، لعاب، تصویر اور دیگر روزمرہ استعمال میں آنے والی چیزیں جیسے پسینے والا رومال، بنیان اور تمام اشیاء جو آپ کے جسم کے ساتھ مسلسل مس کرتی ہوں ان پر جادو، کالا علم ہو سکتا ہے۔

3۔ اسی طرح اگر گھر یا کاروباری جگہ پر خون کے چھینٹے پڑنا، جانور کے مخصوص اعضاء کا موجود ہونا، مٹی کی مٹھ کا ہونا، ہانڈی کا ہونا، خونی نقوش اور تعویزات کا پایا جانا یہ تمام علامتیں جادو اور بدعملیات کی نشانیاں ہیں ایسے معاملات میں خصوصی محتاط رہیں۔ ہر ممکن کوشش کریں کہ آپ کی کسی کے ساتھ دشمنی، اختلاف، حسد یا دلی نفرت نہ ہو کیونکہ بعض اوقات مخفی جذبات جیسے حسد اور نفرت بھی بدنظری کا سبب بنتے ہیں اور بدنظری کرنے والا فرد اختیاری اور بے اختیاری دونوں حالتوں میں تکلیف کا باعث بنتا ہے۔

4۔ اپنی خوشیوں کامیابیوں کو اپنے تک محدود رکھیں خصوصاً اپنے مخالفین اور وہ لوگ جو آپ کو اپنے مقابلے میں دیکھتے ہیں ان پر خصوصاً ظاہر نہ ہونے دیں کیونکہ حسد اور آستین کے سانپ سے ہمیشہ بچنا چاہیے۔

5۔ کبھی لڑائی ہو جائے یا دشمنی تو کوشش کریں کہ جلد صلح ہو جائے یا معاملات رفع دفع ہو جائے اپنی سوچ کو ہمیشہ مثبت رکھیں۔

نوٹ:۔

ان تمام معاملات میں محتاط ہوں لیکن شکی اور وہمی طبیعت نہ ہوں کیوں کہ اس طرح کہیں آپ کے قریبی تعلقات خراب نہ ہو جائیں لہذا مثبت مدبرانہ سوچ اپنائیں۔

اب ہم یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں اگر کسی شخص پر جادو ٹونہ یا کالا علم ہو گیا ہے اس کو ہم کس طرح پہچان سکتے ہیں جادو یا کالے

علم مختلف مقاصد کے لیے کیا جاتا ہے اور ان کی پہچان بھی مختلف طریقوں سے ہوگی۔

1۔ سفلی حب کے عملیات

یہ عملیات بازاری اور غلط عورتیں مردوں پر یا مرد شریف عورتوں کو بہکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ان کا مقاصد یہ ہوتا ہے کہ مخالف جنس کو اپنے قابو میں کرلیں اور اپنے مقاصد کے تحت استعمال کرسکیں اگر ایسا مریض آپ کو نظر آئے تو اس کی مندرجہ ذیل علامتیں ہوں گی۔

1۔ ذہن منتشر اور طبیعت میں بدمزاجی آئے گی ذہن منفی معاملات، زناکاری، جنسی خیالات اور برے معاملات کی طرف خصوصی راغب ہوگا۔ اگر کسی طالبعلم پر ہو تو اس کا پڑھائی میں دل نہیں لگے گا آوارہ گردی اختیار کرے گا گھر والوں اور بہن بھائیوں سے لڑائی اور بڑوں سے بدزبانی کرے گا۔ دین اور شریعت سے بغاوت کرے گا۔ لیکن اس کے ساتھ اس کے اندر ندامت کا جذبہ بھی ہوگا۔ ساری رات محبوب کے خواب دیکھے گا صبح آنکھیں اور دماغ بوجھل ہوگا۔ آنکھیں سرخ بھی ہوسکتی ہیں آنکھوں کے نیچے کالے رنگ کے حلقے ہوں گے طبیعت مرجھائی ہوگی کسی کام میں دل نہ لگے گا۔ تعلیمی اور تعمیری معاملات خراب ہوجائیں گے محبوب یا جنس مخالف کی ہر برائی اچھائی لگے گی عقل پر پردہ پڑھ جائے گا۔ صحت خراب ہوجائے گی کندھوں میں اور جسم میں درد اور اعصابی کمزوری محسوس ہوگی۔ ڈیپریشن بڑھ جائے گا مزاج چڑچڑا ہوجائے گا اگر یہ علامتیں نظر آئیں تو خصوصی روحانی علاج کسی مستند معالج سے کروائیں اس سلسلے میں ہمارے ادارے سے بھی آپ روحانی عمل و مشاورت حاصل کرسکتے ہیں عمل تخلیص کے ذریعے ان بداثرات کا خاتمہ ممکن ہے۔

2۔ اولاد کی بندش:۔ اس طرح مخالفین اور حاسدین اولاد کی بندش کردیتے ہیں تمام رپورٹیں ٹھیک ہوتی ہیں لیکن پھر بھی خیر نہیں ہوتی ڈاکٹر کہتے ہیں میڈیکل سائنس یہاں بے بس ہے یہ عملیات میاں بیوی میں نفاق پیدا کرنے اور طلاق دلوانے کے لیے کیے جاتے ہیں کیونکہ اولاد میاں بیوی کو آپس میں جوڑنے والی زنجیر ہے ایسے معاملات میں میاں یا بیوی کو بدعملیات کرکے کسی بہانے سے کچھ کھلا دیا جاتا ہے سفلی نقش تعویذات اور پتلے بنا کر مردوں کی مٹی باندھ دی جاتی ہے۔ بہرحال علامتوں کے لحاظ سے وضاحت اس طرح سے ہے۔

1۔ میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا شروع ہونا شروع ہوگا۔ بلاوجہ نظریاتی اختلافات شروع ہوجاتا ہے۔ محبت اور جذبات سرد ہونا شروع ہوجائیں گے۔

2۔ شوہر غیر عورت کی طرف متوجہ ہوسکتا ہے۔

3۔ میاں بیوی دونوں بجھے بجھے رہیں گے۔ ایک ہی چھت کے نیچے دونوں علیحدہ علیحدہ زندگی گزاریں گے۔ کچھ اچھا نہیں لگے ہر وقت غصہ اور رونا نظر آئے گا۔

5۔ قربت کے لمحات اور ازدواجی تعلقات میں سرد مہری ہوگی۔

6۔ اگر ایسے معاملات نظر آئیں تو خصوصی روحانی علاج کروائیں اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے نقش نرینہ اور خصوصی روحانی دوا بانجھ پن، اٹھرا اور دیگر جنسی بیماریوں کے لیے حاصل کرسکتے ہیں۔ جو کہ ان معاملات کے لئے اکسیر ہے۔

کاروباری بندش:۔ اس طرح کاروبار کی بندش کردی جاتی ہے اچھا بھلا کاروبار تباہ ہوجاتا ہے جس دکان پر کبھی گاہکوں کی بھیڑ ختم نہیں ہوتی تھی وہاں اب گاہک آنے کا نام نہیں لیتا لوگوں کے ذہنوں میں بدگمانی پیدا ہوجاتی ہے قرض پر قرض ہوتا

جاتا ہے نتیجہ وہ دکان اور کاروبار بالکل ختم ہو جاتے ہیں یہ معاملات اچانک ہی ہوتے ہیں اور عقل اور ذہن سوچنے سے قاصر ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا بعض معاملات میں ذاتی غلطیاں بھی ہوتی ہیں لیکن وہ بھی عقل پر پردہ پڑ جانے کی وجہ سے ایسے معاملات میں اگر سائنٹیفک تجزیہ کیا جائے تو علامتیں اور محرکات نظر آئیں گے وہ کچھ اس طرح ہیں۔

1۔ دکان یا کاروباری جگہ پر جادو ٹونے کی چیزیں ملیں گی۔ مثلاً کالے ماش، کسی جانور کی سری یا خون کے چھینٹے سفلی تعویذات اور نقش بھی دبائے ہوئے مل سکتے ہیں قبر کی مٹی اور اس طرح کی بہت سی چیزیں مل سکتی ہے۔

2۔ دکان میں کاروباری جگہ پر بدبو اور تعفن ہو گی جیسے جلی کوئی سری ہوئی چیز ہے کسی جانور یا انسان کی گندگی بھی ہو سکتی ہے۔ دکان یا کاروبار والی جگہ پر کوئی مخالف دشمن کوئی چیز یا پیسے دے کر واپس جادو ٹونہ کر کے دے بھی آ سکتا ہے اور جب ان پیسوں کو آپ اپنے غلہ میں رکھیں گے تو سفلی اثرات شروع ہو جائیں گے۔

3۔ جن لوگوں کو ادھار دیا ہوا اور ان سے بار بار تقاضا کرنے سے بھی یہ عمل کروا دیتے ہیں تا کہ دکان اور کاروبار بند ہو جائے اور وہ شخص جگہ چھوڑ کر چلا جائے اور پیسے نہ مانگے۔

4۔ ارد گرد کے مخالفین دکان یا کاروباری جگہ پر چوری یا کوئی اور شرارت بھی کر دیتے ہیں جیسے دکان کے تالوں میں ایلفی ڈال دینا اس طرح ان معاملات سے بھی اپنے مخالفین کے عزائم کا پتہ چلا سکتے ہیں۔

رشتوں کی بندش:۔ اس طرح رشتوں کی بندش کے معاملات میں بھی بہت سی منفی علامتیں نظر آتی ہیں کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ آیا ہوا اور ایک فریق نے انکار کر دیا ہو تو دوسرے کو غصہ آ جاتا ہے اور نفرت اور حسد میں دوسرے فرد کا نکاح باندھ دیا جاتا ہے اب جو بھی کوئی رشتہ لے کر آئے گا اس سے وہ لڑکا یا لڑکی یا گھر خامیوں سے بھرا ہوا نظر آئے گا دراصل سفلی موکلات حالات اور چہروں میں بگاڑ پیدا کر دیتے ہیں دیکھنے والے کو اچھا چہرہ بھی بدصورت نظر آنے گا۔ اچھا بھلا ماحول برا لگتا ہے نتیجہ رشتہ طے نہیں ہو پاتا مخالفین نے معاملات پر پہلے ہی نظر رکھی ہوتی ہے لڑکے یا لڑکیوں کے والدین پریشانی کی حالت میں ادھر ادھر عاملوں اور پیروں کے چکر لگاتے ہیں حالانکہ دشمن تو ان کا آستین کا سانپ ہی ہوتا ہے اگر کچھ توڑ ہو بھی جائے اور شادی ہو بھی جائے لیکن مخالفین اپنی کرنج اور دشمنی سے پھر شادی کو ختم کرانے کے عملیات شروع کر دیتے ہیں۔ غرض ایک خفیہ سرد جنگ ہر معاملے اور محاذ پر لڑی جا رہی ہوتی ہے ان معاملات کا سائنٹیفک اور علامتی تجزیہ کیا جائے جو علامتیں نظر آتی ہیں وہ یہ ہیں۔

1۔ رشتہ اچانک ٹوٹ جائے گا بغیر کسی خاص وجہ کے۔

2۔ رشتے آنے بند ہو جائیں گے۔

3۔ لڑکے یا لڑکی میں بلا وجہ کی خامیاں نکالی جائیں گی۔ حالانکہ اچھی شکل و صورت اور دنیاوی معاملات صحیح ہوں گے۔ لیکن آنے والوں کو الٹ نظر آئے گا۔

4۔ لڑکا یا لڑکی اچانک بیمار ہو سکتے ہیں۔ یا گھر میں کوئی اچانک حادثہ نقصان یا مرگ ہو سکتی ہے جس سے معاملات بگڑ رک گئے۔

5۔ لڑکا یا لڑکی کے بارے میں منفی پراپیگنڈہ پھیلایا جا سکتا ہے تا کہ رشتہ ٹوٹ جائے اس بات سے بھی مخالفین کے عزائم کا پتہ چلا سکتے ہے۔ اگر ایسے معاملات نظر آ جائیں تو جان لیں کہ کہیں کوئی سفلی سازش کر رہا ہے اور فوراً روحانی تدارک کروائیں اس سلسلے میں ہمارے ادارہ سے روحانی تدارک کے لئے لوح ازدواج بندھن بنوا سکتے ہیں۔

بچے اور اُن کا مستقبل

علم نجوم کی روشنی میں بارہ بروج سے منسوب وہ پیشے دیے گئے ہیں جن کی طرف آپ کے بچے کا فطری رجحان ہو اور اس کی تعلیم دلوائے تو اس کا مستقبل شاندار ہوگا۔

(1) حمل: 21 مارچ سے 19 اپریل

آرکیٹیکٹ، آرمی، انجینئر، مکینیکل انجینئر، انجن ڈرائیور، بائیولوجسٹ، [illegible] کھلاڑی، جغرافیہ دان، سرجن، دانتوں کا ڈاکٹر، ساز، مکینک، تاجر، سیاح، ماہر نفسیات، [illegible]۔

(2) ثور: 20 اپریل سے 20 مئی

انجینئرنگ، آرکیٹیکٹ، آرٹ، بینکر، پراپرٹی ڈیلر، آرکیٹیکٹ، باغبان، جیولر، اداکار، بیوٹیشن، انجینئر، دانتوں کا ڈاکٹر، گلوکار، موسیقار، تعلیم، مجسمہ ساز، کاسمیٹکس، ہربل ڈاکٹر، ماہر زراعت، بینکار۔



(3) جوزا: 21 مئی سے 20 جون

بلاگ، کمپیوٹر، ٹیلی فون، آپریٹر، پوسٹ مین، تاریخ دان، ٹرانسپورٹر، صحافی، ٹیچر، وکیل، منیجر، ادیب، سیکرٹری، جغرافیہ دان، سیلز مین، شاعر، کرافٹ مین، الیکٹرک، [illegible]، وکیل، مترجم۔

(4) سرطان: 21 جون سے 22 جولائی

ماہر آثار قدیمہ، سائیکالوجسٹ، کمپیوٹر، [illegible]، مترجم، نرس، ہوٹل انچارج، [illegible]، ٹیچر، ڈاکٹر، [illegible]۔

(5) اسد: 23 جولائی تا 22 اگست

استاد، اداکار، سنار، انشورنس ایجنٹ، جیولر، ایکٹر، ماڈل، سائنسدان، افسر، [illegible]، سیاستدان، افسر، پیشہ ور کھلاڑی، کمشنر، گورنمنٹ ملازم، سول سروس، میڈیکل، افسر، [illegible]۔

(6) سنبلہ: 23 اگست سے 22 ستمبر

[illegible] استاد، [illegible]، اکاؤنٹنٹ، انجینئر، [illegible]، دانتوں کا ڈاکٹر، جغرافیہ دان، مترجم، پریکٹیکل سائنٹسٹ، ماہر شماریات، دستکار، حسابیات دان، کلرک، صحافی، ادیب، ہوٹل منیجر۔

(7) میزان: 23 ستمبر سے 22 اکتوبر

ایڈورٹائزنگ، مصور، بائیولوجسٹ، مترجم، [illegible]، اسسٹنٹ، لائبریرین، وکیل، عالم دین، جغرافیہ دان، تاریخ دان، شعبدہ باز، [illegible]، [illegible]، [illegible]۔

(8) عقرب: 23 اکتوبر سے 21 نومبر



انجینئر، [illegible]، باکسر، انشورنس ایجنٹ، روحانی عالم، نفسیات دان، [illegible]، ریاضی دان، وکیل، سرجن، [illegible]، [illegible]، پولیس، [illegible]، [illegible]، سیاست دان، [illegible]۔



(9) قوس: 22 نومبر سے 21 دسمبر

[illegible]، ادیب، [illegible]، عالم دین، [illegible]، لائبریرین، [illegible]، مصنف، کھلاڑی، سیاح، ٹیچر، [illegible]، سرجن، [illegible]، صحافی۔

(10) جدی: 22 دسمبر سے 19 جنوری

انجینئر، استاد، انشورنس ایجنٹ، اسسٹنٹ، ایجنٹ، آرکیٹیکٹ، تاریخ دان، طبیعیات دان، [illegible]، سیاست دان، ریاضی دان، موسیقار، [illegible]، [illegible]، [illegible]، سرجن، ساہو کار، ریاضی دان۔

(11) دلو: 20 جنوری سے 18 فروری

الیکٹرو [illegible]، ادیب، [illegible]، طبیعیات دان، ریڈیو، [illegible]، روحانی عالم، [illegible]، سائنس دان، [illegible]، بائیولوجسٹ، طیارہ ساز، عالم دین۔

(12) حوت: 19 فروری سے 20 مارچ

اداکار، ادیب، [illegible]، انشورنس ایجنٹ، شاعر، [illegible]، موسیقار، عالم دین، وکیل، [illegible]، روحانی عالم، نفسیات دان، [illegible]، شعبدہ باز، فوٹو گرافر، ہوٹل منیجر، [illegible]۔

☆☆

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

فلکیاتی نظام دن بدن وسیع طرح ہوتا جارہا ہے انسان ایک بچہ کی مانند ہے جو سمندر کنارے سیپوں سے کھیل رہا ہے ہر دفعہ ایک نئی ایجاد کر کے سینہ تاننے کی کوشش کرتا ہے لیکن جب اس کو ادراک ہوتا ہے کہ یہ ایجاد تو ان سیپوں میں سے تو ایک سیپ ہے جب کہ اصل سمندر علم تو سامنے موجود ہے جس میں کئی انمول گوہرے نایاب پوشیدہ ہیں فلکیاتی نظام میں بھی لاکھوں گوہر نایاب موجود ہے جن کی تلاش اور تشریح ابھی حضرت انسان کے بس سے باہر ہے۔ بہرحال سال 2019ء کے قارئین کے لئے فلکیاتی نظام کیا گوہر پیغام لے کر آیا ہے اس کی تشریح کچھ اس طرح ہے۔

ایم اے شامی۔ 0322-4552186

زائچہ حمل 2019ء



برج حمل (سیارہ مریخ)

Aries



ستارہ	مریخ	رنگ	لال سرخ
عنصر	آگ	جواہر	مرجان، سرخ عقیق
بہترین شریک حیات	اسد، قوس	ناموافق ساتھی	سرطان، میزان، جدی
بیماریاں	اعصابی تناؤ، السر، تیز بخار، سر کا درد	منسوب حروف	ا، ل، ع
مبارک دن	منگل	لکی نمبر بلحاظ نجوم	9
منسوب سمت	مشرق	موافق خوراک	مصالحے دار خوراک
مبارک جانور	چار پاؤں والے جانور	زندگی کا اہم دور	جوانی سے

آپ کی شخصیت:

اس سال (2019ء) میں آپ کی شخصی خوبیاں (حیثیت و شخصیت، عزت و وقار، خود اعتمادی، مثبت مشاورت) مزید

نمایاں ہوں گی (ان شاء اللہ) سال کی ابتدا سے ہی کارہائے نمایاں انجام دینے کی آرزو ابھرے گی اور آپ ان کو بآسانی انجام بھی دے سکیں گے۔ اس سے اپنے اور غیر سبھی متاثر ہوں گے اور آپ کو عزت اور توقیر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ لوگ آپ کی آواز پر لبیک کہیں گے احتیاطً ضروری ہے کہ غیر اخلاقی کاموں میں حصہ نہ لیا جائے اور دوستوں اور اعزاء پر اندھا دھند بھروسہ کرنا درست نہ ہوگا۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

آپ کی شخصیت سے متاثرین شادی کی آفر بھی کر سکتے ہیں اور اس امر میں آپ کی وکالت بھی کر سکتے ہیں۔

وہ لڑکے اور لڑکیاں جو موجودہ ازدواجی تعلقات سے مطمئن نہیں وہ اگر عقد ثانی کی خواہش رکھتے ہیں تو قدرے انتظار کے بعد نیا رشتہ ممکن ہو سکے گا۔ منگنی نکاح اور شادی کے علاوہ دوسرے افراد اور اعزاء کے ساتھ مشترکہ مفادات میں بھی آپ کی کوشش رنگ لائے گی اور آپ کے لئے مناسب نتائج برآمد ہوں گے۔

معاشرتی تعلقات:

معاشرہ کے افراد آپ سے کچھ زیادہ مدد کی امیدیں وابستہ کریں گے آپ سے بھی یہی گزارش ہے کہ ان کی امیدوں پر پورا اترنے کی کوشش کریں تاکہ تعلقات مزید بارآور ہوں کہا جاسکتا ہے کہ کچھ عزیز اور دوست زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ نئے افراد منظر کو مزید خوبصورت بنائیں گے اور شاید چھوڑ کر جانے والے مستقبل میں واپس آملیں۔

مالیات:

اس سال (2019ء) میں مالی امور پہلے تین ماہ میں کمزور رہنے کا امکان ہے خاطر خواہ نتائج حاصل نہ ہو سکیں۔ ان کے بعد مالی حالات میں قدرے بہتری آئے گی اور گزشتہ ایام کی کمی بھی ان شاء اللہ پوری ہو جائے گی اور مزید ترقی کی جانب بڑھیں گے نیا شعبہ (کاروبار) اختیار کرنے سے پہلے اس میدان کے ماہرین سے مشاورت ضرور کریں۔ خواتین پر مال نچھاور کرنے سے گریز کریں خاطر خواہ فائدہ ممکن نہیں۔ البتہ مالیات کا گراف بلند ہونے پر صدقات خیرات کا سلسلہ جاری رکھیں۔ کیونکہ صدقہ بلا کو رد کرتا ہے۔

تعلیمی سرگرمیاں:

یہ سال تعلیمی تناظر میں ترقی کا سال ہوگا خصوصاً وہ افراد جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کی خاطر بیرون ملک جانا چاہتے ہیں وہ ابھی سے تیاری جاری رکھیں۔ قانونی الجھنوں کو راہ سے ہٹانے کے لئے ممکن ہو تو ماہرین قانون سے مشاورت ضرور کریں۔ مقامی تعلیم کے حوالے سے یہ سال درمیانہ ہے حسب معمول تعلیم کا معیار جمود کا شکار رہے گا انفرادی محنت آپ کو بلندیوں پر لے جا سکتی ہے البتہ ارادوں کو خواب کا درجہ دینے سے پرہیز کریں کامیابی مزید ملے گی ان شاء اللہ

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے امور:

اولاد کے حوالے سے یہ سال نہایت اہم ہے تعلیم کی اہمیت اور حصول کے لئے ان پر بادشاہی احکام مت جاری کریں۔ دوستانہ ماحول میں ان پر تعلیم کی اہمیت اور نتائج واضح کریں۔

محبت کے حوالے سے یہ سال کافی حد تک آپ کی خواہشات کی ترجمانی کرے گا البتہ ایک شعر یاد رکھیں:

محبت کی نہیں جاتی محبت ہو ہی جاتی ہے
یہ شعلہ خود بھڑک اُٹھتا ہے بھڑکایا نہیں جاتا

اس کو خود بھڑکانے سے گریز کریں۔ دامن جلا بھی سکتا ہے۔

خوش قسمتی کے مواقع بھی ان شاء اللہ پیش آسکتے ہیں۔

انعامات بھی مل سکتے ہیں، بانڈ وغیرہ بھی نکل سکتے ہیں۔ کاروبار میں توقع سے زیادہ منافع بھی ممکن ہے قرضے واپس مل سکتے ہیں۔ مگر ایک بات یاد رکھیں کہ سرمایہ کے حصول کی خاطر غیر اسلامی طریقوں کو اپنانے سے گریز کیا جائے۔

صحت سے وابستہ امور:

صحت وتندرستی اور بیماریوں سے شفا پانے کے لئے یہ سال (2019ء) نہایت اہم ہے میڈیکل چیک اپ کروا کر معالج کے طبی مشورہ پر عمل کرنے سے قوت مدافعت میں اضافہ ہوگا ہلکی پھلکی ورزش، چہل قدمی، صبح کی سیر نہ صرف صحت بہتر ہو گی بلکہ خود اعتمادی میں بھی اضافہ ہوگا۔

عبادات پابندی سے بجالاتے رہیے۔ خدا تعالیٰ آپ کا حامی وقاصر ہو۔

سفر اور اس کے نشیب وفراز:

اندرون ملک سفر خوشگوار رہیں گے۔ جن سے اعزاء کے باہمی تعلقات میں مسرت اور خوشی حاصل ہوگی۔ تیز رفتاری سے گریز ضروری ہے دوران سفر لڑائی جھگڑے سے پرہیز کیجئے گا کاروبار کو ترقی دینے کے لئے بیرونی سفر مفید ہوں گے۔ اجنبی ممالک کے سفر سے بغیر منصوبہ بندی گریز کیا جائے پچاس فی صد فراڈ کی گنجائش ہے۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

6 جنوری کو لگنے والے سورج گرہن: کے حوالے سے اپنے کاروبار، صحت، عزت کے بارے میں محتاط رویہ اختیار کیجئے گا۔

21 جنوری کو لگنے والے چاند گرہن: کے تحت آپ کے جذباتی اور عشق ومحبت کے معاملات متاثر ہو سکتے ہیں صاحبان اولاد کو بچوں کے مختلف مسائل آڑے آسکتے ہیں۔

3 جولائی کو سورج گرہن: ہوگا جس کے نتیجے میں خدانخواستہ ٹریفک حادثات، خاندانی مسائل اور بزرگوں کی جدائی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

17 جولائی کے چاند گرہن: کے نتیجہ میں تجارتی، کاروباری، عزت وساکھ کو دھچکا لگ سکتا ہے۔

26 دسمبر کو سورج گرہن: کو حاسدین اور مخالفین کی مخالفت میں اضافہ ہوسکتا جس کے اثرات سامنے آسکتے ہیں سیاسی میدان کے شاہسوار خصوصی احتیاط کریں۔

دوران گرہن واجب نمازوں کے ساتھ ساتھ نماز آیات بھی پڑھی جائے عبادات، صدقات کا اہتمام کیا جائے اور توبہ آپ کو اپنے خالق سے قریب کرسکتی ہیں خدا آپ کو ہر بلا سے محفوظ رکھیں آمین۔

گرہنوں کے اوقات کی تفصیل اسی جنتری کے صفحہ نمبر...... پر دیکھی جاسکتی ہے۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

زائچہ ثور 2019ء



برج ثور (سیارہ زہرہ)

Taurus



ستارہ	زہرہ	رنگ	سفید گندمی
عنصر	خاک	جواہر	الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات	سنبلہ، جدی	ناموافق ساتھی	اسد، عقرب، دلو
بیماریاں	پھوڑے پھنسیاں، جنسی مسائل	منسوب حروف	ب، د
مبارک دن	جمعہ	لکی نمبر بلحاظ نجوم	6
منسوب سمت	جنوب مشرق	موافق خوراک	ترش اور شیریں خوراک
مبارک جانور	دو پاؤں والے	زندگی کا اہم دور	ادھیڑ عمر سے

آپ کی شخصیت:

اس سال (2019ء) میں آپ کی شخصیت خوبصورتی، کشش جذبات اور محبت والفت کے جملہ لوازمات کا عکس پیش کرے گی ہر لڑائی جھگڑے کا انجام صلح پر ہوگا۔ لہٰذا اس کو مفید عام بنانے کے لئے صبر و تحمل اور بردباری کو اپنانا ہوگا زندگی اپنے عروج کی جانب رواں دواں رہے گی اپنے اہم امور میں مخلص دوستوں اور ساتھیوں سے مشاورت جاری رکھیں۔ ذاتی فیصلوں سے قدرے گریز کریں کام کے وقت کام اور آرام کے وقت آرام کو اپنائیں ان شاء اللہ کامیابیاں آپ کے دامن میں سمیٹ آئیں گی۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال (2019ء) میں آپ اپنی شریک کار یا شریکِ حیات کی صحت کے بارے میں فکر منداور پریشان ہو سکتے ہیں۔اس حوالے سے دعاؤں کا دروازہ کھلا رکھیں خود بھی دل کی گہرائیوں سے دعا کریں اور بزرگ ہستیوں سے بھی اس کی گزارش کریں۔اوران کا تعاون حاصل کریں۔ جملہ اُمور میں درگزر کر کے صلح وصفائی کی جانب چلیں رشتہ داروں کے ساتھ باہمی تعلقات بہتر بنانے کی خاطر اور نیکی کا ہر ممکنہ کام انجام دینے کی خاطر کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔عبادت میں تسلسل پیدا کریں۔صدقات دینے اور صدقہ جاریہ کے کاموں میں حصہ لینے کا کوئی موقع بھی ہاتھ سے نہ جانے دیں۔آپ کی دعا سے متعلقین اوران کی دعا سے آپ کی تقدیر بدل سکتی ہے۔

دوسری شادی بھی ممکن ہے مگر دونوں اطراف کی جملہ شرائط کوایک دوسرے کے سامنے لانا ہوگا۔

معاشرتی تعلقات:

خرید وفروخت کے حوالے سے وہ چاہے زمین وجائیداد ہو یا گاڑی، جانور یا مختلف اشیاء کی خرید وفروخت کا معاملہ مخلص ماہرین اور بزرگوں سے ضرور مشورہ کریں۔اگر دوست یار سیاسی اور سماجی میدانوں میں مناسب نتائج نہ دے سکیں تو جلدی مایوسی نہ ہوں۔البتہ کلی طور پران پر اعتماد کرنا بیوقوفی ہوگی۔لہٰذا احتیاط ضروری ہے سیاسی افراد سے مشترکہ نشست میں گفتگو کریں۔اس طرح آپ کی شخصیت اور حیثیت مزید نکھر کر سامنے آئے گی۔دوسروں کی نظر میں عزت اور وقار دو چند ہوگا حلقہ احباب کو کم نہ ہونے دیں بلکہ اضافہ کریں۔

مالیات:

سیاسی، سماجی اور خاندانی تقریبات میں شرکت ضرور کریں گو اس سے مالیات خرچ ہوں گے مگر عزت اور ساکھ میں اضافہ ہوگا۔مالی معاملات میں مخلص اور ہم خیالی دوستوں کے تجربات سے بھی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے پچھلے سال (2018ء) میں کاروبار زندگی میں جو بہتری آئی ہے وہ اس سال (2019ء) میں بھی جاری وساری رہے گی ان شاءاللہ کامیابی کے حصول کے لئے اپنی فطرتی جلد بازی سے گریز کریں۔مستقل مزاجی اپنائیں۔کامیابی آپ کے قدم چومے گی اور مالیات میں اضافہ ہوگا۔

تعلیمی سرگرمیاں:

تعلیمی حوالے سے یہ سال پچھلے سال 2018ء سے بہتر رہے گا۔اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ملک جا سکتے ہیں۔قانونی الجھنیں راستے میں حائل ہوسکتی ہے ان سے چھٹکارہ پانا ضروری ہے۔تعلیمی منزلیں ایک ایک کر کے طے ہوتی جائیں گی ان شاءاللہ سپلی کا کوئی چانس مِس نہیں کرنا۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے امور:

والدین اپنی اولاد کے بہترین مستقبل کے لئے کوشاں رہیں اس پہلو کے لئے سُستی ہرگز نہ کریں بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔اس شعبے میں ان شاءاللہ خوشیاں ملیں گی۔بیٹیوں کی نسبت بیٹوں کو زیادہ توجہ کا مرکز بنائیں۔

محبت کے حوالے سے گزارش ہے کہ روٹھے اور ناراض دوستوں کو منانے کی کوشش کریں اور تجدید محبت کے اصول اپنائیں۔کنواروں کی پسند کی شادی کے امکانات موجود ہیں مگر یہ کوشش بزرگوں کے ہاتھوں انجام دیں۔

مالی اسکیمیں نفع دے سکتی ہیں۔دعا اور صدقات جاری رکھیں۔

صحت سے وابستہ اُمور:

اپنی جسمانی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔اس امر میں سُستی کرنے کے نتیجے میں صحت طویل عرصے کے لئے متاثر ہوسکتی ہے۔کچھ ''مہربان'' آپ اور آپ کے متعلقین کی صحت پر اثر انداز ہونے کے لئے سِفلی عملیات سے بھی کام لے سکتے ہیں ان سے بچاؤ کے لئے خود بھی دعا کریں اور بزرگوں سے بھی کروائیں۔

صدقات کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔درود پاک کی کثرت ان شاءاللہ ہر جسمانی اور روحانی تکلیف سے محفوظ رکھے گی تلاوت میں بھی باقاعدگی پیدا کریں خوراک کے معاملے میں محتاط رہیں۔

سفر اور اس کے نشیب وفراز:

کاروباری سلسلہ میں اندرون اور بیرون ملک سفر ممکن ہیں۔اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرونی اور اندرونی سفر کامیابی سے ہم کنار ہوں گے۔البتہ دوران سفر آپ کا سامان چوری ہوسکتا ہے۔نقل وحمل میں کچھ لوگ دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے ایسے لوگوں پر نظر رکھئے۔لڑائی جھگڑے سے پرہیز کیجئے گا۔خدا تعالیٰ آپ کے حامی اور ناصر ہوں۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

6 جنوری کو لگنے والے سورج گرہن: کے حوالے سے تعلیم، بیرون ملک سفر میں خواہ مخواہ کی تاخیر یا رکاوٹ پیش آسکتی ہے۔روحانی امور خصوصاً چلّہ کشی اور معمول کے اوراد میں رکاوٹیں حائل ہوسکتی ہیں۔

21 جنوری کو لگنے والے چاند گرہن: کے ضمن میں عرض ہے کہ اپنا میڈیکل چیک اپ باقاعدگی سے کرواتے رہیں روز مرہ استعمال کی گاڑی وغیرہ دھوکہ دے سکتی ہے۔

3 جولائی کے سورج گرہن: کے نتیجے میں اعزاء اور اقربا، رشتہ داروں اور ہمسایوں سے وابستہ توقعات میں مایوسی کا سامنا کرنا پڑے گا بزرگوں سے مشاورت جاری رکھیں۔سفر کے شروع میں صدقہ ضرور دیں۔

17 جولائی چاند گرہن: کے فوراً بعد دوران سفر کچھ اشیاء اور سامان چوری ہوسکتا ہے دعا اور صدقہ کا اصول ہمیشہ اپنائیں۔

26 دسمبر کے سورج گرہن: کے نتیجہ میں کچھ طلباء حصول تعلیم کے لئے بیرون ملک نہ جاسکیں گے۔مایوس ہونے کی ضرورت نہیں دوبارہ اپلائی کرنے پر ان شاءاللہ مقاصد حل ہوجائیں گے۔دعا اور صدقات جاری رکھیں۔

نوٹ: گرہنوں کے اوقات کی تفصیل اسی جنتری کے صفحہ نمبر...... پر دیکھی جاسکتی ہے۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج جوزا (سیارہ عطارد)

Gemini

زائچہ جوزا 2019ء





ستارہ	عطارد	رنگ	زرد، ملے جلے رنگ
عنصر	ہوا	جواہر	زمرد، زبرجد اور زرد عقیق
بہترین شریک حیات	میزان، دلو	ناموافق ساتھی	سنبلہ، قوس، حوت
بیماریاں	نمونیا، سینے کے امراض، اعصابی تکلیف	منسوب حروف	ق، ک
مبارک دن	بدھ	لکی نمبر بلحاظ نجوم	5
منسوب سمت	جنوب مغرب	موافق خوراک	چٹ پٹی اور ترش خوراک
مبارک جانور	بندر، چمپیزی	زندگی کا اہم دور	لڑکپن

آپ کی شخصیت:

یہ سال (2019ء) غیر معمولی اور اہم سال ہے جو آپ کی زندگی میں ترقی کے حوالے سے بہت سی تبدیلیاں لا سکتا ہے۔ دل و دماغ میں، بے چینی، مایوسی اور سستی کو جگہ نہ دیں وسائل کے محدود ہونے کے باوجود بھی کامیابیاں ملیں گی ان شاء اللہ البتہ ہمت اور کوشش ضروری ہے۔ دوران سال آپ اپنی ذمہ داری اور فرض شناسی سے اپنے اور دوسروں کے مسائل حل کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ دوسروں کی تعلیمی اور تربیتی شعبوں میں رہنمائی کر سکیں گے دوسروں سے بحث و مباحثہ کرنے، اپنے فیصلے دوسروں پر مسلط کرنے سے گریز کیجئے گا۔ بزرگوں کی ناراضگی سے بچنے کے لئے اپنے جذباتی پن اور غم و غصہ کو قابو میں رکھیں صدقات کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

یہ سال (2019ء) خانگی، خاندانی، شراکتی، ازدواجی خوشیوں کا پیغام لائے گا نوجوانوں خواہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں کے لئے خوشیوں کا سال ثابت ہوگا مدت سے شادی کا انتظار کرنے والے افراد کے لئے یہ سال خواہشات کی تکمیل کا سال ہوگا۔ متوقع رکاوٹیں دور ہوجائیں گی۔ان کا رشتہ مناسب جگہ پر طے پا جائے گا۔خفیہ طور پر بھی شادی کی کوششیں کرنے والے افراد بھی کامیاب ہوجائیں گے۔ ناراض جوڑوں کی صلح صفائی متوقع ہے۔ حالات چاہے کسی نہج پر بھی پہنچ چکے ہوں۔ مگر ذرا سی کوشش سے یہ رشتہ باقی رکھا جاسکتا ہے عدالتی دروازہ کھٹکھٹانے کی بجائے ان مسائل کا پنچائتی حل درست ثابت ہوگا بزرگوں کو درمیان میں ڈال کر اس مسئلہ کو مزید آسان بنایا جاسکتا ہے۔

معاشرتی تعلقات:

اس سال (2019ء) زمین و جائیداد کے لین دین کئے گئے سودوں میں خاطر خواہ منافع حاصل ہوگا۔ ماضی میں کیا گیا کاروبار زیادہ اچھے نتائج دے گا آپ اپنے ذاتی تعلقات کی روشنی میں مزید فوائد اٹھا سکتے ہیں۔ البتہ حاسدین اور مخالفین کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے مگر وہ لوگ اپنے منفی ارادوں میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے البتہ خود اپنا رویہ مثبت رکھئے ان لوگوں کو غصہ دلانے کی کوشش نہ کریں۔ کچھ نئے لوگ دوستوں میں شامل ہوجائیں گے اور کچھ پرانے ساتھ چھوڑ جائیں گے۔

مالیات:

دوران سال (2019ء) کے مالی مسائل کی پلاننگ ضروری ہے جو ابتدائی ایام میں کر لی جائے تو زیادہ بہتر ہوگا وسعت رزق کے لئے اپنے خالق حقیقی سے تجارت کیجئے گا روزانہ حالات کے مطابق صدقہ وخیرات کو زندگی کا حصہ بنالیں۔ آپ کا یہ عمل آپ کے ذرائع آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کا موجب بنیں گے۔

شراکتی کاروبار میں برکت ہوگی۔ کسی بھی با اعتماد ساتھی سے مل کر کاروبار کرنے سے یا مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینے سے رزق کا ان شاء اللہ اضافہ ہوگا۔

آپ کا تعلق زندگی کے کسی شعبہ سے بھی ہو آپ اپنی محنت کے نتائج بآسانی حاصل کر سکتے ہیں نئے کاروبار کے آغاز، کاروبار میں تبدیلی یا مزید سرمایہ کاری کرنے کے لئے یہ سال بہتر ہے ملازمت پیشہ لوگ بھی اس سال خود کو پہلے سے بہتر محسوس کریں گے۔ سیاسی لوگ بھی تھوڑی سی محنت کر کے اپنے مستقبل کو شاندار بنا سکتے ہیں۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) تعلیمی سرگرمیاں حسب معمول جاری رہیں گی۔ ایک ہی وقت میں زیادہ شعبوں کا انتخاب درست نہیں پہلے اچھی طرح فیصلہ کرلیں کہ تعلیمی میدان میں کس کو اپنانا ہے راستے میں اسے بدلنا فائدہ مند نہیں اسی طرح والدین کا فرض ہے کہ تعلیمی شعبہ کے چناؤ میں بچوں اور ماہرین تعلیم سے مشورہ ضرور کیجئے۔ آپ کی مرضی کا انتخاب تعلیم میں تعطل پیدا کر سکتا ہے۔ بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے راہیں ہموار ہیں البتہ اس میں قانونی الجھنیں حائل ہوسکتی ہے۔ کسی ماہر قانون سے مشاورت مفید رہے گی۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے اُمور:

اس سال (2019ء) اولاد کی جانب سے فکر و پریشانی یا غیر متوقع حالات کا اندیشہ ممکن ہے صاحبان اولاد اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت کا اسی طرح خیال رکھیں جس طرح ان کے والدین ان کو واچ کرتے تھے اچھے اور بُرے کی تمیز پیدا کریں۔ جواں بچوں کی منگنی اور شادیاں بھی آپ ان شاء اللہ بخوشی دیکھ پائیں گے۔

محبت کا جواب کسی حد تک محبت سے ہی ملے گا۔ اگرچہ محبت کے میدان میں نفع اور نقصان نہیں دیکھا جاتا مگر پھر بھی کچھ حدود و قیود کی پابندی کرنا ہوگی تا کہ عزت و وقار محفوظ رہیں۔ محبت کی شادی براہ راست مسائل کھڑے کرے گی درمیان میں کسی ترجمان کی ضرورت ہوگی۔

صحت سے وابستہ اُمور:

اس سال (2019ء) صحت کے معاملات نازک صورت حال سے دو چار رہیں گے صحت کے عنوان سے یہ ایک اہم سال ہے آپ عمر کے کسی حصہ سے بھی گزر رہے ہوں معالج سے وقتاً فوقتاً مشاورت ضروری ہے۔ وہ امراض جس کا پہلے سے ہی آپ کو علم ہو اس کے علاج کو باقاعدگی سے اپنائیں۔ سستی ہرگز نہ کریں۔

اغذیہ اور ادویہ کا مکمل خیال رکھیں۔ ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنائیں ذہنی تفکرات اور ڈپریشن اور غم و غصہ سے ذہن کو آزاد رکھیں۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی پابندی کریں تا کہ خالق اکبر کے ساتھ رشتہ مضبوط ہو۔ رشتہ جتنا مضبوط ہوگا دکھ اور غم اتنے ہی دور رہیں گے۔

سفر اور اس کے نشیب و فراز:

اس سال (2019ء) سفر کے حوالہ سے جوزدی افراد بیرون ملک سفر کاروبار، سیاحت حج و زیارات کی سعادت سے بہرہ ور ہو سکتے ہیں۔ خوش قسمتی کے علاوہ غیبی مدد بھی ان شاء اللہ شامل حال ہوگی۔ البتہ قانونی تقاضے پورا کرنا ضروری ہے۔ اس لئے پروگرام بنانے کے بعد اس پر مشاورت بھی کرلیں اور نظر ثانی بھی۔ سفر کے نتیجے میں روحانی فوائد کے علاوہ مالی اور معاشرتی فوائد بھی حاصل ہونے کی اُمید ہے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی تمنا بھی پوری ہوگی۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) میں پانچ گرہن ہونگے۔

6 جنوری کو سورج گرہن اور 17 جولائی کو چاند گرہن ہوگا اور 26 دسمبر کو پھر سورج گرہن۔ یہ تینوں گرہن مشترکہ مفادات کے کاموں کو متاثر کر سکتے ہیں حصول وراثت کے کام تعطل کو شکار ہو سکتے ہیں اس ضمن میں احتیاط کے ساتھ ساتھ نماز آیات ضرور پڑھئے (واجب کے ساتھ) صدقہ اور خیرات کثرت سے دیجئے۔ 21 جنوری چاند گرہن کے نتیجہ میں عزیز و اقارب بھائی بہن کی جانب سے خدانخواستہ صدمات یا گلے شکوے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

3 جولائی سورج گرہن کے حوالے سے کاروبار نقصان کا اندیشہ ہے دعا اور صدقہ کا اہتمام کر کے ان نقصانات سے بچا جا سکتا ہے۔ خدا آپ کا حامی و ناصر ہو۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج سرطان (سیارہ قمر)

Cancer

زائچہ سرطان 2019ء



ستارہ	قمر	رنگ	سفید، دودھیا
عنصر	آب	جواہر	موتی، مون سٹون، سفید عقیق
بہترین شریک حیات	عقرب، حوت	ناموافق ساتھی	حمل، جدی، میزان
بیماریاں	معدے، گردوں اور پیشاب کی تکلیف	منسوب حروف	ح، ہ
مبارک دن	پیر	لکی نمبر بلحاظ نجوم	2
منسوب سمت	شمال	موافق خوراک	رسیلے پھل
مبارک جانور	رینگنے والے جانور	زندگی کا اہم دور	ادھیڑ عمر

آپ کی شخصیت:

(2019ء) آپ کے لئے ایک اہم سال ہے۔تعمیر وترقی کے مواقع حاصل ہوں گے البتہ اپنے اندر بے چینی، اداسی اور مایوسی کو داخل نہ ہونے دیں تھوڑی سی محنت کر کے محدود وسائل کے ساتھ بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔لوگوں پر آپ کی نصیحت کے مثبت اثرات ہوں گے۔ ذہنی وبائی (ڈپریشن) افراد کے ناپسندیدہ رویہ مخالفین اور حاسدین کی سازشوں کی اہمیت نہ دیں۔البتہ مخلص دوستوں، بزرگوں اور روحانی ہستیوں کے مشاورت جاری رکھیں۔احکام خداوندی کی طرف توجہ ان شاءاللہ سبھی سازشوں کو ناکام بنادے گی واجبات کے ساتھ ساتھ کسی بھی اسمِ اعظم اور درود پاک کو کثرت سے پڑھنا اپنا معمول بنالیں خود کامیابی آپ کو تلاش کرتی پھریں گی۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خوشگواری اور بہتری آئے گی۔ ہمسایوں سے بھی تجدید مراسم ہوگی۔ ٹوٹے ہوئے تعلقات پھر جڑ جائیں گے اور موجودہ مراسم میں مزید بہتری آئے گی۔ مزید تعلقات کو وقت کے دھارے کے سپرد نہ کریں بلکہ انہیں اپنے تعلقات کا احساس دلائیں۔ جذبات کی نزاکت کا خیال رکھیں۔ مخلص بزرگان سے مشاورت جاری رکھیں اسی کی روشنی میں باہمی تعلقات کو آگے بڑھائیں۔

غیر شادی شدہ لڑکوں اور لڑکیوں اور بڑی عمر کے لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی میں آڑے آنے والی رکاوٹیں کوشش سے دور ہوسکتی ہیں۔ غیر برادری میں رشتہ طے میں جلدی نہ کریں نئی شادیوں میں بگاڑ اور پرانی شادیوں میں شکوک وشبہات کو مٹانے کی کوشش آپ کے ہاتھوں کامیاب ہوسکتی ہے اور صلح ہوسکتی ہے کوشش جاری رکھیں پسند کی شادی میں رکاوٹیں پیش آسکتی ہیں۔ خفیہ شادی سے بھی گریز کریں اس ضمن میں بزرگوں کی مشاورت بہتر رہے گی ملاپ کی صورت نکل آئے گی۔

معاشرتی تعلقات:

اس سال (2019ء) آپ کی سماجی اور سیاسی مصروفیات اچانک بڑھ جائیں گی کچھ پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ اچھے اور باشعور نیک دوستوں کی شمولیت آپ اور آپ کے خاندان کے لئے خوشگوار ماحول پیدا کرے گی البتہ کچھ قریبی لوگ ٹھیس پہنچا سکتے ہیں محتاط طرز عمل اپنایئے کا سینئر بزرگوں سے مشاورت کر کے سوشل مسائل کا حل نکالئے گا۔

مالیات:

اس سال (2019ء) ذرائع آمدنی میں اضافہ ہوگا پلاننگ سے کئے گئے کام اور سرمایہ کاری آمدنی میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ مشترکہ کام کرنے والے ماتحت عملہ کی محنت بھی آمدنی کو بڑھائے گی وسائل اور کوشش مالی پوزیشن کو مضبوط کرے گی جلد بازی میں نقصان یا دھوکہ دہی کا اندیشہ ہے غیر قانونی مالی فوائد سے اجتناب کریں ورنہ رسوائی اور پریشانی کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔ نئے کاروبار کا آغاز بھی کیا جاسکتا ہے مگر اس کے مشاورت اور پلاننگ ٹھوس بنیادوں پر استوار ہو۔

خیرات اور صدقات حسب معمول جاری رہنا چاہئیں۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) میں تعلیمی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رکھیں سپلی کے نام سے گھبرانا نہیں بلکہ اس کو چیلنج سمجھ کر قبول کرنا ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ملک جانے والے طلباء کے لئے سال کے شروع اور مڈل کے قریب کوششوں کو تیز کرنا ہوگا۔ فل یا ہاف اسکالرشپ بھی مل سکتا ہے بشرطیکہ پہلے سے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ملک جانے کا ارادہ ہو۔ اس پلان میں اساتذائے کرام اور سینئر بزرگوں کی مشاورت لازمی ہے۔ قانونی ماہرین سے بھی مشورہ کرلیا جائے وہ

آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ بچوں کو تعلیم کے میدان میں ان کا ذاتی رجحان دیکھ کرا تارا جائے۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے اُمور:

اس سال خدانخواستہ خانگی اور خاندانی پریشانیاں آپ کو گھیر سکتی ہیں خصوصاً بچوں کی تعلیم اور تربیت صحت اور خوراک کے معاملات توجہ مانگتے ہیں۔ بچوں کی خوش قسمتی رنگ لائے گی۔

جن افراد کے بال بچے اعلیٰ تعلیم اور کاروبار میں دلچسپی لے رہے ہیں ان کا فرض ہے کہ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ مکمل شفقت اور تعاون سے نوازیں۔

محبت اور خوش قسمتی کے حصول کے لئے اپنے والدین اور قریبی بزرگوں کے ساتھ صلہ رحمی کریں اس طرح آپ اپنے مقاصد کو پا سکتے ہیں۔

جوان لڑکے اور لڑکیاں مستقبل میں شادی کے حوالے سے اپنا قیمتی وقت فضول گفتگو اور تعلقات میں ضائع نہ کریں۔ عشق و محبت میں ناکامی مایوسی اور رسوائی جیسے خدشات کا باعث بنتی ہے عقل مند کو اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

انعاماتی اسکیموں میں حصہ لیا جا سکتا ہے مگر یاد رہے کہ ان کا طریقہ کار غیر اسلامی نہ ہو انشاء اللہ قدرت آپ کو انعامات سے نوازے گی۔

صحت سے وابستہ امور:

اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ غیر ذمہ داری اور لاپرواہی سے سرطانی افراد پیچیدہ امراض خصوصاً ذہنی تفکرات، کولسٹرول اور موٹاپا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ مریض اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کرے۔ صحت و تندرستی میں بحالی آئے گی ہلکی پھلکی ورزش اپنائیں آپ اپنے اندر ایک نئی روح محسوس کریں گے۔

سفر اور اس کے نشیب و فراز:

بہن بھائیوں اور عزیز اقارب میں صلح کی غرض سفر بھی وسیلہ ظفر ہیں۔

بیرون ملک سفر جو کاروباری اغراض و مقاصد کے لئے ہوں خاطر خواہ نفع بخش ثابت نہیں ہوں گے۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہونگے۔

(1) 6 جنوری جزدی سورج گرہن: عزیز و اقرباء سے تعلقات خراب ہو سکتے ہیں پہلے سے ہی اصلاح کی پلاننگ کر لی جائے۔

(2) 21 جنوری مکمل چاند گرہن: خاندانی صدمات اور ناگہانی مالی اخراجات عارضی طور پر پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔

(3) 3 جولائی جزدی سورج گرہن: آپ کی شخصیت، حیثیت اور صحت جسمانی متاثر ہو سکتی ہے۔

(4) 17 جولائی مکمل چاند گرہن: آپ کا جیون ساتھی روٹھ کر الگ ہو سکتا ہے۔

(5) 26 دسمبر جزدی سورج گرہن: زندگی چند روزہ ہے ازدواجی خوشیوں کو قائم رکھیں چاہے کسی قسم کی قربانی بھی دینا پڑے۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج اسد (سیارہ شمس)

LEO

زائچہ اسد 2019ء





ستارہ	شمس	رنگ	سنہرا، نارنجی
عنصر	آگ	جواہر	یاقوت، لہسنا، ہیرا
بہترین شریک حیات	حمل، قوس، ثور	ناموافق ساتھی	عقرب، دلو
بیماریاں	ریڈھ کی ہڈی، ہائی بلڈ پریشر	منسوب حروف	م، ٹ
مبارک دن	اتوار	لکی نمبر بلحاظ نجوم	1
منسوب سمت	مشرق پورب	موافق خوراک	شاہی خوراک
مبارک جانور	سرخ رنگ کا گھوڑا	زندگی کا اہم دور	بڑھاپے سے

آپ کی شخصیت:

اس سال (2019ء) زندگی عظیم سعادتیں حاصل ہوں گی۔ زندگی رنگین بن جائے گی۔ محبت، انعامات، اولاد کی خوشیاں حاصل ہوں گی۔ دوست واحباب متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے روحانیت کی طرف دلچسپی بڑھے گی۔ منصوبوں میں خاطر خواہ کامیابیوں کی بنا پر عزت، سکھ چین، حیثیت اور شخصیت میں اضافہ ہوگا اس دورانیہ آپ مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں جوان شاءاللہ کامیاب رہے گی سال آخری ربع (Quarter) قدرے احتیاط سے کام لیں۔ صدقہ سے بلائیں رد ہوتی ہیں۔ اس لئے وقفہ وقفہ سے صدقات وخیرات دیتے رہیں۔

واجبات کی ادائیگی، نفلی عبادات، صدقات وخیرات کو معمول بنائیں۔ درود کثرت سے پڑھیں ان شاءاللہ خالقِ حقیقی کا کرم ہوگا۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

بہن بھائیوں، رشتہ داروں اور ہمسایوں میں تعلقات استوار اور مضبوط ہو جائیں گے ان شاء اللہ گلے شکوے دور ہو کر رہیں گے اور تجدید محبت اور تجدید مراسم ہو جائے گی اعزاء سے تعلقات میں ایک حد...... قائم رکھیں۔ کبھی کبھی آپ کی مثبت باتوں کو بھی غلط رنگ دیا جا سکتا ہے۔ خاوند بیوی آپس میں جذبہ ایثار و قربانی بڑھائیں۔ غیروں سے بھی اس اصول کو اپنایا جا سکتا ہے۔ میاں بیوی اپنے رویوں پر نظر ثانی کریں کہیں آپ کے رویے سے آپ کا جیون ساتھی ناراض نہ ہو جائے۔ اگر آپ باہم رویوں کو مثبت رکھیں گے اور معاف کرنے کی پالیسی اپنائیں گے تو ماضی کی سبھی خوشیاں لوٹ آئیں گی ان شاء اللہ اور زندگی کا چمن پھولوں کے رنگوں اور خوشیوں سے بھر جائے گا۔ منگنی، نکاح اور شادی کے لئے ہمیشہ مثبت رویوں کو اپنایئے گا۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو وجہ تنازع بنا کر صدیوں پرانے رشتوں کو کمزور مت بناؤ بلکہ یاد رکھو والصلح خیر باہم مل بیٹھنے میں ہی خیر ہے۔

معاشرتی تعلقات:

اس سال (2019ء) وقفہ وقفہ سے معاشرتی سعادتیں ملتی رہیں گی حلقۂ احباب میں وسعت آئے گی کچھ پرانے لوگ زندگی سے نکل گئے تو ان کی جگہ نئے مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ سماجی، سیاسی فیملی مصروفیات سارا سال وقتاً فوقتاً جاری رہیں گی جب آپ کی خواہشات کی تکمیل آسانی سے ہو جائے تو آپ دیکھیں گے کہ آپ کی عزت و تکریم میں اضافہ ہوگا۔ آپ کی عزت اور مرتبہ بلند ہوگا۔ لوگوں کے دلوں میں آپ کو جگہ بنانے میں آسانی ہوگی اور کامیابی آپ کے قدم چومے گی ان شاء اللہ۔

مالیات:

اس سال (2019ء) مالی بنیادوں پر جو پلاننگ کریں گے اس میں ان شاء اللہ خاطر خواہ کامیابی ملے گی آمدنی بڑھے گی اور فیملی اخراجات کی کفیل ہوگی۔ لین دین کے معاملات میں خصوصی احتیاط اختیار کریں تحریری ریکارڈ لازمی اپنائیں۔ روزمرہ کے حوالے سے غرباء کی مدد کریں۔ کھانا، ماہانہ امداد، بچوں کی یونیفارم اور فیسوں کی صورت میں مالی مدد کرتے رہیں یہ صدقہ کی بہترین قسم ہے۔ اس سال آپ کی کاروباری زندگی میں انقلابی تبدیلیاں آئیں گی۔ جاری کاروبار میں مزید سرمایہ لگائیں۔ اور نیا کاروبار بھی شروع کر سکتے ہیں۔ آپ کے اندرون اور بیرون ملک کے کاروبار میں اضافہ ہوگا عزت اور ساکھ بھی بڑھے گی مشترکہ فیملی کاروبار کو بھی آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ حسب توفیق خیرات اور صدقات کا سلسلہ جاری رکھئے۔

تعلیمی سرگرمیاں:

یہ سال (2019ء) اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ملک جایا جا سکتا ہے۔ البتہ اس کے لئے سبھی قانونی تقاضوں کو پورا کرنا ہوگا۔ کسی اسپیشل شعبہ میں جانا قدرے آسان ہوگا بچوں کے حوالے سے بھی علوم میں توجہ ضروری ہے مگر

انگریزی، ریاضی اور میڈیم کی زبان کا حصول زیادہ اہم ہے گھر پر اپنے سے سینئر طالب علم کے ساتھ چل کر پڑھنا قدرے مشکل ہوگا جونیئر کے ساتھ مل کر آسان ہوگا۔ دونوں کی کامیابی یقینی ہے۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے امور:

اولاد کے خواہاں افراد کے ہاں خوش بخت اولاد پیدا ہوگی بچوں کی اعلیٰ تعلیم ان کی شادی بیاہ کے معاملات خوش اسلوبی سے حل ہوں گے۔ معاملات عشق ومحبت میں دلچسپی بڑھے گی آپ کی محبت کی انتہا شادی کی شکل میں ہوسکتی ہے دوست اور اساتذائے کرام آپ پر مہربان ہوں گے ان کی آپ پر شفقت بڑھے گی۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے کامیابی کی دعا کریں اور کروائیں۔ خیرات اور صدقات کی عادت مضبوط کریں۔

صحت سے وابستہ امور:

بار بار غصے میں آنے سے پرہیز کریں۔ اس سے بلڈ پریشر کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ لہٰذا چھوٹی چھوٹی باتوں کومحسوس نہ کریں۔ وقتاً فوقتاً بلڈ پریشر چیک کرواتے رہیں کولسٹرول کو بڑھنے نہ دیں۔ نمک کم سے کم استعمال کریں روغنی اشیاء سے پرہیز کریں۔

سفر اور اس کے نشیب وفراز:

اس سال اندرون ملک کاروباری اور عزیز واقارب سے ملنے، تقریبات میں شرکت کی خاطر متعدد سفر پیش آئیں گے۔

اس سال بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کاروبار تفریح کے علاوہ خصوصاً حج وزیارات مقدسہ کے سفر پروگراموں کے لئے نہایت اہم سال ثابت ہوگا۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہونگے۔

(1) 6 جنوری جزدی سورج گرہن: خرابی صحت یا حادثات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ نوکری کے بارے میں محتاط رہیں افسران کے ساتھ جھگڑنے سے پرہیز کریں۔

(2) 21 جنوری مکمل چاند گرہن: خرابی صحت، ذہنی دباؤ کا اندیشہ ہے۔ لوگوں سے رویہ مثبت رکھیں۔

(3) 3 جولائی جزدی سورج گرہن: دشمن سامنے ظاہر ہوجائیں گے۔ بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پایا جاسکے گا۔

(4) 17 جولائی مکمل چاند گرہن: روزگار کی فکر و پریشانی صحت کو متاثر کرسکتی ہے۔

(5) 26 دسمبر جزدی سورج گرہن: کے نتیجے میں ملازمت کے لئے کچھ پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج سنبلہ (سیارہ عطارد)

Virgo

زائچہ سنبلہ 2019ء



ستارہ	عطارد	رنگ	سبزی مائل
عنصر	خاکی	جواہر	گومیدک زرد، عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات	بھاری، ثور	ناموافق ساتھی	قوس، حوت، جوزہ
بیماریاں	معدہ کی بیماریاں	منسوب حروف	پ، غ
مبارک دن	بدھ	لکی نمبر بلحاظ نجوم	5
منسوب سمت	جنوب مغرب	موافق خوراک	کسیلی اور کھٹی اشیاء
مبارک جانور	ہاتھی	زندگی کا اہم دور	لڑکپن سے

آپ کی شخصیت:

اس سال (2019ء) آپ کی عزت وتکریم میں اضافہ ہوگا حیثیت شخصیت نکھر کر سامنے آئے گی جن امور میں دلچسپی ہے ان میں غیر معمولی کامیابی حاصل ہوگی۔

آپ کے خیالات اور نظریات معاشرہ میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے البتہ آپ کی بڑھتی ہوئی کامیابیوں کو دیکھ کر کچھ مخالفین اور حاسدین اپنے بُرے ارادوں کے تحت سازشیں بھی کر سکتے ہیں اس لئے شخصیات اور ان کے نظریات کا پہلے تجزیہ کرنا ہوگا پھر اظہار پسند و ناپسند۔ اس لئے جذباتی فیصلوں سے گریز کریں۔

حسب توفیق صدقہ، خیرات کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ اس میں مقدار کی قید نہیں نیت کی پاکیزگی درکار ہے۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال آپ کی پوزیشن آپ کے بھائی بہنوں اور عزیز واقرباء میں نمایاں رہے گی ناراض رشتہ داروں میں محبت اور ایثار کے جذبات نمایاں کر کے صلح کرواسکتے ہیں کوشش کیجئے گا۔ خیرات وصدقات کا سلسلہ جاری رکھئے گا آپ کو رشتہ داروں میں ایک ممتاز پوزیشن حاصل ہوگی۔ اس سے فائدہ اٹھا کر صدقہ جاری کے بہت سے کام سرانجام دے سکتے ہیں۔

عمر کے عنوان سے شادی پر جملہ ازدواجی خوشیاں ملیں گی۔ ناراض میاں بیوی میں صلح صفائی کی بے حد گنجائش ہے۔ مقدمات چاہے کسی نہج پر بھی ہوں کسی عدالت یا پنچائیت میں بھی ہوں نیت نیک ہوئی تو صلح صفائی یقینی ہے اس سال جن سنبلی جوڑوں کی شادی ہوگی (یعنی دونوں سنبلہ کے برج سے متعلق ہوں) انہیں اپنے شریک حیات کے نصیب سے معاشرتی عزت اور دولت ملے گی اور بیرونی ملک کا سفر بھی نصیب ہوگا۔ دنیاوی خدمت کے کاموں میں حصہ لینے سے سیاسی اور سماجی خدمات سے عزت اور توقیر بڑھے گی کسی پر اندھادھند اعتماد اور بھروسہ کرنے سے نقصان بھی ممکن ہے۔

معاشرتی تعلقات:

یہ سال (2019ء) آپ کے لئے زیادہ سے زیادہ احتیاط کا سال ہے کئی پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے ان کی جگہ نئے اور زیادہ اچھے دوست اس قافلہ میں شامل ہو جائیں گے۔ یہ اضافہ آپ کے نیک اعمال کی وجہ سے ہوگا۔ مخالفین اور حاسدین اپنے بدارادوں میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے اور ان شاء اللہ آپ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہیں گے۔ خیرات اور صدقہ کو زندگی کا معمول بنائیے گا۔

مالیات:

یہ سال (2019ء) آپ کے لئے برکت کا سال ہے آپ اپنے ذرائع آمدنی کو بڑھانے کے لئے جتنی محنت کریں گے آپ کو اس کا دوگنا چوگنا صلہ ملے گا۔ وہ افراد جو پہلے عدم تعاون کا مظاہرہ کرتے تھے اب وہ خوشی خوشی تعاون کریں گے۔ البتہ آپ کا رویہ بھی مثبت ہونا چاہیے آمدنی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ اخراجات بھی پہلے کی نسبت زیادہ ہوں گے مالی اور مادی خوشیاں آپ کا مقدر بنیں گی ٹھوس سرمایہ کاری کی طرف توجہ دیں۔ جلد بازی میں سرمایہ کاری اور بغیر سوچے سمجھے ہر کسی پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث بھی بن سکتا ہے۔

مالی اسکیموں (انشورنش، نیشنل سیونگ اور انعامی بانڈ وغیرہ) میں سرمایہ کاری مفید رہے گی کاروبار میں آسانی سے وسعت پیدا کی جاسکتی ہے اور ان شاء اللہ کاروبار میں مزید وسعت ہوگی۔ اندرون اور بیرون ملک کاروبار میں آسانیاں ملیں گی۔ اپنی وعدہ وعید کو تحریری شکل میں محفوظ کریں۔ تاکہ غلطی کے کم سے کم امکانات ہوں۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) اعلیٰ تعلیم کے حصول کے شائقین طلباء اپنے مقاصد کو حاصل کرلیں گے ان شاء اللہ
بچوں کی تعلیم کے بارے میں عرض ہے کہ سُنبلہ برج سے متعلقہ بچوں کے لئے کامرس کی تعلیم قدرے بہتر رہے گی

بنیادی طور پر ریاضی اور انگریزی کی جانب زیادہ توجہ دیں۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے امور:

اس سال آپ کو بچوں کی نگہداشت تعلیم وتربیت ان کی شادی بیاہ کی طرف زیادہ توجہ دینا ہوگی روز شب بچوں پر توجہ دیں اور ان کو بے راہ روی سے دور رکھیں۔

بازاری قسم کی محبت سے بچیں۔ ورنہ مالی، ذہنی تفکرات اور جنسی امراض کا شکار ہوسکتے ہیں۔

سٹاک شیئرز کا کام کرنے والے گرتے ہوئے شیئرز خریدیں۔ بہت زیادہ سرمایہ کاری سے بچیں دیوالیہ پن کا اندیشہ بھی موجود ہے۔ مالی کاروبار کرنے والے (شیئرز، بانڈ، لاٹری) کچھ زیادہ ہی محتاط رہیں۔ کیونکہ محتاط رویہ منفی نتائج کے دباؤ سے محفوظ رکھتا ہے۔

صحت سے وابستہ امور:

وقتاً فوقتاً اپنا میڈیکل چیک اپ کرواتے رہیں چالیس سال سے زیادہ عمر والے اپنے بلڈ پریشر، ذیابیطس، کولسٹرول یورک ایسڈ کے علاوہ اپنے بلڈ کا بھی مکمل ٹیسٹ کروائیں۔ یقیناً ایسا کرنے سے آپ متوقع امراض سے محفوظ رہیں گے بڑوں اور چھوٹوں کو بھی یہ مشورہ دیں بلکہ اس ضمن میں ان کا ساتھ دیں خود بھی دعا کریں اور بزرگوں سے بھی دعا کروائیں شافی مطلق آپ کو شفا دے آمین۔

سفر اور اس کے نشیب وفراز:

اندرون ملک متعدد تفریح، سیر وسیاحت، مطالعاتی دورے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے میل ملاقات کے سلسلے میں سفر پیش آئیں گے حج، عمرہ زیارات مقدسہ کا ارادہ ہوا تو مقدس سفر آپ کا مقدر اور سفر مقدس سے آپ کا نصیب یاوری کر جائے گا۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہونگے۔

(1) 6 جنوری جزدی سورج گرہن: صاحبان اولاد بچوں کی صحت اور تعلیم وتربیت کا خیال رکھیں۔ محبت میں دھوکہ ہوسکتا ہے۔

(2) 21 جنوری مکمل چاند گرہن: امیگریشن میں رکاوٹ پیش آسکتی ہے۔ خفیہ دشمن آشکار اور پھر ذلیل خوار ہوں گے۔

(3) 3 جولائی جزدی سورج گرہن: دوستوں سے بندھی امیدیں پوری نہیں ہوں گی۔ دوستوں کی بے وفائی کا صدمہ برداشت کرنا پڑے گا۔

(4) 17 جولائی مکمل چاند گرہن: تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوسکتی ہیں۔ بچوں کی نگہداشت اور تعلیم وتربیت میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔

(5) 26 دسمبر جزدی سورج گرہن: جنس مخالف کے ہاتھوں بے وقوف بننے سے بچیں۔ جذباتی غلطیاں ہوسکتی ہیں۔ بچوں کی تعلیم وتربیت کا خاص خیال رکھیں۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج میزان (سیارہ زہرہ)

LIBRA

زائچہ میزان 2019ء



ستارہ	زہرہ	رنگ	زردی مائل، سبز، نارنجی
عنصر	ہوا	جواہر	اوپل، پکھراج، ہیرا
بہترین شریک حیات	دلو، جوزا	ناموافق ساتھی	جدی، حمل
بیماریاں	نزلہ گردوں اور آنکھوں کی بیماریاں	منسوب حروف	ر، ت، ط
مبارک دن	جمعہ	لکی نمبر بلحاظ نجوم	6
منسوب سمت	مغرب	موافق خوراک	ترش وشیریں اشیاء
مبارک جانور	سفید گھوڑا	زندگی کا اہم دور	ادھیڑ عمر سے

آپ کی شخصیت:

الحمدللہ پورا سال (2019ء) خوش بختی سے ہم کنار رہے گا۔ اس سے اپنے اور غیر اثرات قبول کریں گے ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور مستقبل کی پلاننگ آسان ہوگی۔ نصف سال گزرنے کے بعد کچھ آزمائش کے ایام بھی آسکتے ہیں۔ نہایت احتیاط کی ضرورت ہوگی مناسب افراد کے ساتھ مشاورت اچھے نتائج دے گی ہر شخص سے توقعات پوری نہ ہوسکیں گی۔ اس لئے ان کا دائرہ محدود رکھا جائے۔ مخالفین اور حاسدین کی سازشوں کا سامنا ہوگا۔ دعا ہے کہ خدائے تعالیٰ اپنے حبیب مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں آپ کو ہر شر اور نظر بد سے محفوظ رکھے۔ دعا اور صدقات کا سلسلہ جاری وساری رہنا چاہیے۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال آپ کے بہن بھائی، رشتہ دار اور ہمسائے بہت سے امور میں آپ سے تعاون کریں گے غلط فہمیوں کا خاتمہ بھی ہو سکے گا اور تجدید محبت کے دروازے بھی کھلیں گے۔ دوسروں کی فرمائشوں کے لئے ذاتی ضروریات پر سمجھوتہ کرنا پڑے گا ذہنی طور پر اس کے لئے تیار رہیے گا ورنہ ان کی ناراضگی مول لینا پڑے گی اس لئے خوب ہوش وحواس استعمال کرنا ہوں گے۔

اس دورانیہ میں شریک حیات سے تعلقات میں درپیش غلط فہمیوں کا ازالہ ہوگا اور تعلقات میں استواری آئے گی شریک حیات کے ساتھ نرم لہجہ اختیار کریں اور صبر وتحمل سے کام لیں۔ ورنہ شدید گھریلو اختلاف جنم لے سکتے ہیں میزان سے تعلق رکھنے والے افراد کی شادیاں اس سال میں ممکن ہیں ذرا سی کوشش درکار ہوگی۔

نیز شریک حیات سے ذو معنی جملوں کا استعمال نہ کریں بحث کی بجائے درگزر سے کام لیں۔

معاشرتی تعلقات:

یہ سال (2019ء) آپ کی بہت سی دیرینہ خواہشات کی تکمیل کا امین ہوگا اور حلقۂ احباب سے بہت سے فوائد حاصل ہوں گے۔ سیاسی اور سماجی حلقوں میں عزت اور توقیر بڑھے گی۔ ہم خیال دوست تعاون کریں گے۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے روحانی عزت اور مرتبہ ملتا رہے گا اور مخلص افراد زندگی میں شامل ہوتے جائیں گے دوسروں سے غیر معمولی توقعات سے وابستہ نہ کریں ورنہ مایوسی کا اندیشہ رہے گا۔

مالیات:

اس سال (2019ء) میں کاروبار کو بڑھانے کے بہت سے مواقع ہاتھ آئیں گے۔ پہلے سے موجود مالی مشکلات احسن طریقے سے حل ہو جائیں گی۔ مخالفین اور حاسدین پر گہری نظر رکھیں۔ اس حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہمیشہ یاد رکھیں کہ:

''مومن کو ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جا سکتا۔''

اس لئے اس نکتہ پر خاص توجہ دیں۔ خیرات صدقات حسب معمول دیتے رہیں۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے باہر جانے والے طلباء مشاورت اور متعلقہ شعبہ میں اپنی معلومات مزید بہتر بنائیں کمرشل لوگوں کے بہلاوے میں مت آئیں۔ اگر باہر کے ملک میں ذاتی ٹھکانہ موجود ہو تو جب چاہیں جا سکتے ہیں۔ وہاں جا کر ارادہ میں تبدیلی ممکن ہے کہ صرف اس تہذیب کو اپنا لیا جائے اور تعلیم پس پردہ چلی جائے۔

بچوں کی تعلیم کے بارے میں عرض ہے کہ وہ ٹیسٹ یا جواب دہی سے نہ گھبرائیں خود کو سوال جواب کی عادت ڈالیں۔ صحیح اور غلط کو یادداشت کا حصہ بنائیں۔ تعلیمی میدان میں آگے جاسکتے ہیں۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے امور:

اس سال کے حوالے سے بچوں کی تربیت کے لئے بروقت کئے گئے اقدامات بچوں کے مستقبل کے لئے مثبت نتائج دلا سکیں گے۔ اولاد کے روز شب پر خاص نگاہ رکھیں۔ ان کے صدقات بھی دیتے رہیں رومانوی محبت کے امور میں خواہشات کی بھرمار اور دوسروں کے عمل دخل کے باعث حالات میں حساسیت رہے گی۔

انعامی اسکیموں میں حصہ لینا ہو تو اپنی بساط سے زیادہ سرمایہ کاری نہ کریں دوسروں سے قرض لے کر شوق پورا نہ کریں بصورت دیگر پریشانی کا اندیشہ ہے۔

صحت سے وابستہ امور:

صحت جسمانی میں بہتری آنی چاہیے۔ وقتاً فوقتاً اپنا میڈیکل چیک اپ کرواتے رہیں اس کے علاوہ خوراک میں احتیاط اور ہلکی پھلکی ورزش معمولات میں شامل کریں کھانے کے اوقات مقرر کریں اور ان کی پابندی کریں۔ بزرگوں خاص کر والدین کی دعا لیجئے گا جو حکیم مطلق کے ہاں نہایت قابل قبول ہے۔

سفر اور اس کے نشیب وفراز:

اندرون ملک متعدد سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں اور سفر نصیب یاوری کرائے بیرون ملک حج، عمرہ اور زیارات کی خواہش رکھنے والے میزانی افراد کی خواہش پوری ہو سکے۔ جب کہ ایسے میزانی طلباء و طالبات جو اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک سفر کرنا چاہیں تو وہ بھی ان ایام میں کوشش کر سکیں۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہونگے۔

(1) **6 جنوری جزدی سورج گرہن:** خاندانی مسائل اور پریشانیوں کا سامنا کرنا ہوگا۔ جلد بازی میں حادثات کا اندیشہ ہے۔

(2) **21 جنوری مکمل چاند گرہن:** دوسروں کے ساتھ وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں گی۔

(3) **3 جولائی جزدی سورج گرہن:** کاروباری مسائل، پریشانی اور نقصانات کا اندیشہ ہے۔

(4) **17 جولائی مکمل چاند گرہن:** اندرون خانہ پریشانیاں پیدا ہوسکتی ہیں۔

(5) **26 دسمبر جزدی سورج گرہن:** والدین کی طرف پوری توجہ دیں خاص کر والدہ کی صحت کا مکمل خیال رکھیں۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج عقرب (سیارہ مریخ)

Scorpio

زائچہ عقرب 2019ء



ستارہ	مریخ	رنگ	گہرا سرخ رنگ
عنصر	آگ	جواہر	مرجان، سرخ عقیق
بہترین شریک حیات	حوت، سرطان	ناموافق ساتھی	دلو، ثور، اسد
بیماریاں	پیچش، کان ناک کی بیماریاں	منسوب حروف	ن، ی
مبارک دن	منگل	لکی نمبر بلحاظ نجوم	9
منسوب سمت	شمال مشرق	موافق خوراک	کڑوی کسیلی اشیاء
مبارک جانور	چوپائے	زندگی کا اہم دور	جوانی سے

آپ کی شخصیت:

یہ سال (2019ء) آپ کے لئے نہایت ذمہ داری کا سال ہے ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانا ہوگا تاہم کبھی فیصلے جلد بازی میں نہ کریں۔ بلکہ پہلے مشاورت اور پھر فیصلہ۔

مستقبل کی منصوبہ بندی از حد ضروری ہے۔ اس کی عدم موجودگی کی وجہ سے وقت، سرمایہ اور شہرت کا نقصان ہوگا۔ لوگوں کی توقعات مجروح ہوسکتی ہیں۔ اور آپ کا حوصلہ کم ہوسکتا ہے جاری کاموں کی طرف مکمل توجہ آپ کو نئی امنگیں عطا کرے گی۔ جسے آپ بھی اپنے اندر محسوس کریں گے ان شاء اللہ۔ کسی پر بھی جذباتی طور پر بھروسہ کرنے کی ضرورت نہیں وہ خدانخواستہ ٹھیس بھی پہنچاسکتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔ آمین

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال (2019ء) عزیز و اقارب کے ساتھ جذباتی نوعیت کے تعلقات استوار ہو سکتے ہیں اس عنوان سے نہایت اہم اور سنجیدہ قسم کے راز دنیا بھی سامنے آسکتے ہیں۔

حاسدین اس تعلقات کو غلط رنگ بھی دے سکتے ہیں۔ وہ ان پاکیزہ توقعات کو جنسی رنگ بھی دے سکتے ہیں ویسے بھی اس برج کی جنسی کشش مشہور عام ہے۔ عقربی افراد کو متعدد پسندیدہ رشتے ملیں گے آپ کی پسند ایک الگ نکتہ ہے مگر انتخاب رشتہ کے لئے بزرگوں خصوصاً والدین کو ہی چناؤ کا موقع دیں۔ ناراض میاں بیوی کے درمیان بزرگوں کی کوششوں سے صلح صفائی کی شکل پیدا ہو سکتی ہے۔

معاشرتی تعلقات:

اس سال (2019ء) وقفہ وقفہ کے ساتھ آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل ممکن ہے دوسروں سے متعلقہ توقعات پورا نہ ہو سکیں گی۔ اور دوستوں کو دیا ہوا قرض بھی واپس نہیں ملے گا۔ کچھ لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ نئے آنے والے لے لیں گے آپ کی سیاسی اور سماجی مصروفیات آپ کی عزت کی پذیرائی میں اضافہ کریں گی اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے کوششیں جاری رکھئے گا۔ اہم فیصلے بزرگوں کی مشاورت سے طے کیجئے گا خواہشات مکمل ہوں گی اور ذہنی سکون نصیب ہو گا۔ دعا اور صدقہ کو معمول بنایئے گا۔

مالیات:

اس سال (2019ء) کاروباری وسائل اور تعلقات میں اضافہ جاری کاروبار میں وسعت آئے گی کسی نئے کاروبار کو شروع کرنا ہی مفید ہوگا۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا غیر متوقع آمدن بڑھانے کے مواقع بھی ملیں گے۔ آپ اپنے سرمائے کو کسی مفید شعبہ میں صرف کر کے آسانی سے نفع حاصل کر سکیں گے آپ کے پیشہ ورانہ شعور اور ادراک میں اضافہ ہوگا۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) تعلیم کی راہ میں کچھ رکاوٹیں آسکتی ہیں وہ مختلف نوعیت کی ہیں بار بار شعبہ ہائے تعلیم بدلنا، اپنی حماقتوں کو گھر والوں کے سر تھوپنا، وقت کی تقسیم سے کنارہ کشی یہ سبھی امور آپ کو مقصد تعلیم سے دور لے جا سکتے ہیں۔ پہلے اچھی طرح مستقبل کا فیصلہ کر لیں۔ پھر شیڈول بنا کر اس پر عمل شروع کریں آنے والے دن کی تبدیلی مقصد سے دور لے جا سکتی ہے۔ چھوٹے بچوں کو پہلے مشاہدہ اور پھر مطالعہ کی طرف لے کر جاؤ یعنی دیکھو اور بولو **(Look and Say)**

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے امور:

سال (2019ء) اس لحاظ سے بے حد اہم ہے کہ آپ اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم و تربیت ان کی منگنی اور شادی کے لئے جو پلان بنائیں گے اس کی ممکنہ تکمیل ہو سکے گی۔ عقربی بے اولاد افراد کو اللہ تعالیٰ محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں اولاد سے نوازے گا۔ محبت کی شادی کرنے والوں کو اپنے والدین اور بزرگوں کی رضا مندی حاصل ہوگی۔ کچھ افراد کو...... ناکامی کا صدمہ بھی پیش آسکتا ہے۔ انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والوں کے درمیانے انعامات نکلنے کی توقع ہے۔

صحت سے وابستہ امور:

مستقبل کی حفاظتی تدابیر کے طور پر میڈیکل چیک اپ کروائیں صبح کی سیر اور ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنا لیں۔ اپنی صحت جسمانی کو قائم رکھنے کے لئے صبح شام گرم پانی میں شہد ملا کر پینا...... ہے بزرگ عقربی افراد اپنی خوراک میں دودھ، دہی، مکھن اور تازہ پھلوں کا جوس ضرور شامل کریں۔

سفر اور اس کے نشیب و فراز:

(2019ء) کو آپ اندرون ملک سفر کے دوران بعض ایسے کارہائے نمایاں سرانجام دیں گے جن کا پہلے آپ کو بھی کوئی تجربہ نہ تھا۔ سیر و سیاحت تفریحی اور مطالعاتی ٹور عزیز و اقارب سے میل ملاقات ان کی خوشیوں میں شرکت کے لئے سارا سال وقفہ وقفہ سے اندرون ملک سفر کا سلسلہ جاری رہے گا کئی ایک سفر آپ کے لئے وسیلۂ ظفر بھی ثابت ہوں گے سفر کو دل نہ چاہے پھر بھی کرنا پڑے تو صدقہ خیرات دے کر سفر شروع کریں۔

اپنے نظریات اور خیالات دوران سفر دوسروں پر مسلط نہ کرو۔ لمبے سفر میں یوں احتیاط برتیں کہ اپنے ہمراہیوں سے درست فیصلہ کریں۔ ورنہ وہ لوگ آپ کو چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) میں سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہوں گے۔

(1) **6 جنوری جزدی سورج گرہن:** بھائی بہنوں اور عزیز اقرباء کی جانب سے ذمہ داریوں اور فرمائشوں کا مطالبہ ممکن ہے۔ جسے پورا نہ کرنے کی صورت میں آپ کو ان کی ناراضگیوں کا سامنا کرنا ہوگا۔

(2) **21 جنوری مکمل چاند گرہن:** حاسدین اور مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت کو گھٹانے کی پوری کوشش کریں گے۔

(3) **3 جولائی جزدی سورج گرہن:** بیرون ملک سفر میں کوئی رکاوٹ آسکتی ہے یا کوئی قانونی پریشانی جنم لے سکتی ہے۔

(4) **17 جولائی مکمل چاند گرہن:** اندرون ملک سفر میں رکاوٹیں آسکتی ہیں بہن بھائیوں عزیز و اقارب اور ہمسایوں سے اختلاف کا اندیشہ ہے محتاط رہیں۔

(5) **26 دسمبر جزدی سورج گرہن:** بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کو مزید ناراض نہ کریں۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج قوس (سیارہ مشتری)

Sagittarius

زائچہ قوس 2019ء



ستارہ	مشتری	رنگ	سفید، سبز
عنصر	آگ	جواہر	فیروزہ، حجر القمر
بہترین شریک حیات	حمل، اسد	ناموافق ساتھی	حوت، جوزا، سنبلہ
بیماریاں	حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابی	منسوب حروف	ف
مبارک دن	جمعرات	لکی نمبر بلحاظ نجوم	3
منسوب سمت	جنوب مشرق	موافق خوراک	میٹھی اشیاء
مبارک جانور	سفید ہاتھی	زندگی کا اہم دور	بڑھاپے سے

آپ کی شخصیت:

یہ سال (2019ء) آپ کے لئے بھاری خوشیاں لئے ہوئے ہے۔ اس سال آپ اپنی ذات کو پیچھے چھوڑ کر معاشرتی اقدار کی سربلندی کے لئے مزید کام کریں گے اور معاشرہ کے افراد کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ آپ کو ادب واحترام کے رویہ کے باعث دوستوں اور بزرگوں کی دعائیں بھی ملیں گی۔ خاص کر رشتہ دار و دیگر بزرگ خواتین کی دعا اپنا اثر دکھائیں گی عزت وشہرت سے سبھی متعلقین متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ جاری کاموں کی تکمیل بھی آپ کے ارادوں کے مطابق ہو سکے گی گزارش ہے کہ اپنے مخالفین اور حاسدین سے محتاط رہیں۔ جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ کریں اور دوسروں پر تنقید وتبصرہ سے گریز کریں۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال (2019ء) میں بھی عزیز واقارب، بہن بھائیوں اور ہمسایوں کی جانب سے نت نئی فرمائشوں کا سلسلہ

جاری رہے گا اگر آپ ان کی بات نہیں مانیں گے یا ماننے میں تاخیر کریں گے تو کم طرف رشتہ داروں کی جانب سے ناراضگی اور لامتناہی سازشوں کا سلسلہ پورا سال آپ کا پیچھا کرے گا اور وقفہ وقفہ سے الجھن کا باعث بنے گا کیونکہ:

''اپنوں کا اپنا بنانا نہایت مشکل کام ہے۔''

جبکہ غیروں کو اپنا بنانا آسان ہے اگرچہ مخالفین اور حاسدین آپ کا کچھ بگاڑ تو نہ سکیں گے مگر وقفہ وقفہ سے پریشان کرتے رہیں گے اس مرحلہ سے ذہانت سے گزرنا ہوگا آپ صبر وتحمل، بردباری اور خوبصورت الفاظ استعمال کر کے بھی حالات کو اپنے موافق بنا سکتے ہیں ناراض خاوند بیوی کے درمیان صلح صفائی اور شادی ہونے میں بڑی سے بڑی رکاوٹ بندش جادوٹونہ نظر بد اور دیگر نحوستیں دور ہو جائیں گی۔ نوجوانوں کی شادی کو تدبیر کے ساتھ ساتھ دعا اور مشاورت کے تابع بنائیں۔ ان شاء اللہ مراد بر آئے گی۔ غیر متوقع خوشیاں نصیب ہوں گی دوسروں کو اپنی تنہائی میں داخلہ کا موقع نہ دیں صدقہ اور خیرات پابندی سے دیتے رہیں۔

معاشرتی تعلقات:

اس سال (2019ء) کی ابتدا ہی سے اندیشہ ہے کہ کچھ بھیڑیے بھیڑ کی کھال میں آپ کو مالی نقصان نہ پہنچائیں ایسے بے وفا لوگوں پر نظر رکھئے گا اس بات کا قوی امکان ہے حاسد لوگ اپنے بد ارادوں کے تحت آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے چاہے جتنی مرضی کوشش کریں ان شاء اللہ ناکام ہوں گے۔ اور آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی کچھ دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور کچھ نئے شامل ہو جائیں گے جن میں سے اکثر مخلص ہوں گے۔

مالیات:

اس سال (2019ء) خدانخواستہ کچھ خاندانی اور مالی صدمات پیش آسکتے ہیں۔ کسی عظیم نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ساری زندگی کی جمع پونجی کسی دھوکہ یا فراڈ کی نظر ہو سکتی ہے یا چوری چکاری کی نظر ہو سکتی ہے اپنے مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے حسب توفیق خیرات وصفات کا سلسلہ جاری رکھیں واجبات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ درود پاک کا زیادہ سے زیادہ ورد جاری رکھیں۔ اس عمل سے ان شاء اللہ مال کا بچاؤ بھی ہوگا اور آپ کے شعور وادراک میں اضافہ بھی ہوگا اور مصائب سے بچاؤ بھی کچھ نئے کاروباری وسائل بھی ملیں گے۔ کوئی معاہدہ زبانی نہ کریں اس کا تحریری ہونا ضروری ہے ورنہ کچھ لوگ اپنی باتوں سے منحرف ہو کر آپ کو الٹا نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں اس لئے اس ضمن میں بزرگوں سے مشاورت بھی کریں اور ان کو گواہ بھی بنائیں۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) میں اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند طلباء بیرون ملک بہ آسانی جا سکیں گے عین ممکن ہے کہ انہیں کوئی اچھا سا سکالرشپ بھی مل جائے چھوٹی کلاسز میں بچوں کی شعبہ تعلیم کے بارے میں رہنمائی کی جائے اگر قوس سے تعلق رکھنے

والے بچے ہر مضمون کو بہ طریق حاصل کر سکیں گے پھر بھی ان انچارج ٹیچر سے مشاورت کر لی جائے۔ان طلباء رجحان سائنس کی طرف زیادہ ہوگا کیونکہ محنت کر سکتے ہیں اس لئے ان کو پسند کا شعبہ اختیار کرنے دیا جائے کالج میں داخلہ کے وقت متعلقہ مضمون کے چناؤ میں میٹرک کے اس مضمون کو حاصل کردہ نمبرز کا حساب رکھا جائے۔

اولاد،محبت اور خوش قسمتی کے امور:

اس سال آپ پر عزم حوصلہ مندی کے ساتھ دوسروں کے کام آسکیں گے یہ خدمت آپ کا صدقہ جاریہ تصور ہوگی۔ اولاد کے لئے بھی آپ کی خدمات سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں قومی جواں سال افراد جلد بازی میں کوئی عشق کر سکتے ہیں اور پھر جلد بازی میں ہی اس کو شادی سے بدل سکتے ہیں۔یادرہے کہ عشق و محبت کے جذباتی تعلقات شک وشبہ سے کمزور پڑ سکتے ہیں مالی اسکیموں میں انعام کی توقع کی جاسکتی ہے انعام کا کچھ حصہ راہ خدا میں بھی خرچ کیجئے گا۔

صحت سے وابستہ امور:

ابتدائے سال سے ہی اپنی جسمانی صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں ممکن ہوتو جلد از جلد اپنا میڈیکل چیک اپ کروا لیں۔معالج کی ہدایت کے مطابق عمل کریں۔خصوصاً اپنا وزن کم کریں۔بلڈ پریشر،کولسٹرول یورک ایسڈ،ذیابیطس جوڑوں کے درد وغیرہ میں اپنا طرز زندگی بدلنے سے آپ کو شفامل سکتی ہے خدائے تعالیٰ سبھی مریضوں کو شفائے کاملہ عطا کریں۔آمین

سفراوراس کے نشیب وفراز:

غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں جلد بازی سے ٹریفک حادثات کا خطرہ ہے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے طلباء باہر ملک آسانی سے جاسکیں گے۔بیرون ملک سیاحتی اور مطالیاتی سفر کے علاوہ حج،عمرہ اور زیارات کے سفرِ مقدسہ پیش آسکتے ہیں۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) میں سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہوں گے۔

(1) 6 جنوری جزدی سورج گرہن: مالی اور کاروباری معاملات میں محتاط رہیں خدانخواستہ خاندانی طور پر کسی صدمہ کا امکان ہے۔

(2) 21 جنوری مکمل چاند گرہن: بیرون ملک سفر میں نجی ہو یا کاروباری رکاوٹ کا امکان ہے غیر ضروری کاروباری سفر سے پرہیز کریں۔اشد ضرورت ہوتو سفر سے پہلے صدقہ خیرات دیں۔

(3) 3 جولائی جزدی سورج گرہن: مشترکہ مفادات کے کاموں میں احتیاط برتیں حصول وراثت جیسے کاموں میں بے حد احتیاط کریں۔

(4) 17 جولائی مکمل چاند گرہن: ناگہانی مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں دوسروں کو دیا گیا قرض واپس نہیں مل سکے گا۔

(5) 26 دسمبر جزدی سورج گرہن: کاروباری لین دین میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے کسی بڑے نقصان کا اندیشہ بھی بعد از قیاس نہیں۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج جدی (سیارہ زحل)

Carricon

زائچہ جدی 2019ء



ستارہ	زحل	رنگ	سیاہ، بھورا، خاکی
عنصر	خاک	جواہر	نیلم، سیاہ عقیق
بہترین شریک حیات	ثور، سنبلہ	ناموافق ساتھی	حمل، سرطان، میزان
بیماریاں	دانتوں کی، اعصابی تناؤ، سردرد	منسوب حروف	ج، خ، گ، ز
مبارک دن	ہفتہ	لکی نمبر بلحاظ نجوم	8
منسوب سمت	جنوب	موافق خوراک	کڑوی اشیاء
مبارک جانور	کالی بھینس	زندگی کا اہم دور	بڑھاپا

آپ کی شخصیت:

اس سال (2019ء) آپ کی فنی قابلیتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی شعبہ سے بھی ہو، ہر کسی کو آپ کی قابلیت کا اعتراف کرنا پڑے گا بردباری، مستقل مزاجی آپ کی زندگی کا حصہ بن جائے گی۔ خود پر اعتماد کرتے ہوئے کچھ ایسے کام بھی سرانجام دیں گے کہ خود آپ کو بھی ان کا یقین نہ آئے گا۔ سال کے آخر میں کچھ ایام ایسے بھی ہوں گے کہ جلد بازی، جذباتی فیصلوں اور غیر ذمہ داری سے پرہیز کرنا ضروری ہوگا نیز جذباتی غلطیوں کے تحت غیر فیصلوں اور دوسروں کے ساتھ لڑائی جھگڑوں سے گریز کیا جائے۔ اگر خدانخواستہ کوئی ایسا لمحہ آ بھی جائے تو اس کا عدالتی کی بجائے پنچائتی حل تلاش کیا جائے۔ صدقہ خیرات کثرت سے کریں۔

سفید اشیاء (آٹا، چاول، چینی، سفید کپڑا) کا صدقہ زیادہ بہتر ہے۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال (2019ء) آپ کو عزیز و اقارب، بہن بھائیوں اور ہمسایوں کی اضافی خدمات سے واسطہ پڑے گا وقت کے ساتھ ساتھ ان کی مالی اور اخلاقی مدد کے لئے بھی تیار رہیں اگر وسائل اجازت دیں تو ان کی مدد سے گریز نہ کریں۔ اگر وسائل نہ بھی ہوں تو ان کی دل جوئی عبادت سمجھ کر بجالائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا مددگار رہے گا۔ اس دوران شراکتی اور ازدواجی خوشیاں بھی حاصل ہوں گی۔ ان کو نظر بد کا سامنا بھی ہوسکتا ہے خدانخواستہ یہ ماند بھی پڑ سکتی ہیں۔ میاں بیوی میں بدمزگی، چڑ چڑا پن خواہ مخواہ کے لڑائی جھگڑے جنم لے سکتے ہیں۔ حتیٰ کہ بات علیحدگی خلع یا طلاق تک بھی پہنچ سکتی ہے۔

دعا کا سلسلہ جاری رکھیں۔ ایک دوسرے کی بات اور افعال کو برداشت کریں۔ غلطیوں کو معاف کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ ان شاء اللہ مخالفین اور حاسدین اپنے مقاصد میں ناکام ہو جائیں گے ذاتِ خداوندی سے رجوع جاری رکھیں۔ خیرات اور صدقات کو عادت بنائیں۔ خدا آپ کا حامی و ناصر ہو۔

معاشرتی تعلقات:

(2019ء) آپ کے حلقۂ احباب کے لئے ایک اہم سال ہے کئی پرانے مطلبی دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے۔ ان کی جگہ نئے اور مخلص دوست لے لیں گے قابلِ بھروسہ افراد کا انتخاب آپ کی دانش مندی پر منحصر ہے تعلقات میں اتار چڑھاؤ نیچرل ہے اس سے نہ گھبرائیں۔ سیاسی اور سماجی افراد یا اپنے سے بڑی عمر کے لوگوں سے زیادہ فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے ان کے افکار سے حوصلہ اور ہمت مل سکتی ہے۔ بڑی نہ سہی بہت سی چھوٹی چھوٹی خواہشات لازمی پوری ہوں گی اپنے یا اجتماعی طریقے سے دوستوں کے لئے نیک وسائل تلاش کرنا نیکی کا باعث بنے گا ناقص ...... سخت احتیاط سے کام لیں۔ حسب توفیق خیرات اور صدقات کا سلسلہ جاری رکھئے گا۔

مالیات:

اس سال (2019ء) کچھ لوگ آپ کو کئی غیر محفوظ مالی پروگراموں کی جانب لے جانے کی کوشش کریں گے۔ اس سے بڑے نقصان کا خطرہ ہے لین دین میں احتیاط برتیں۔ روزمرہ اخراجات یا یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی میں غفلت کے سبب مالی نقصانات بھی ہو سکتے ہیں کاروبار میں ادھار دینے سے گریز کریں۔ خدشہ ہے کہ دی ہوئی رقم واپس نہیں ملے گی۔ صرف اتنی رقم قرض دیں کہ اگر واپس نہ ملے تو آپ نقصان برداشت کرنے کی پوزیشن میں ہوں۔ کسی ایسی چیک پر دستخط نہ کریں جس کی قانونی حیثیت مشکوک ہو۔ وہ کسی بھی مصیبت کا سبب بن سکتا ہے۔ صدقہ خیرات حالات مطابق جاری رکھیں۔ خدا آپ کا مددگار ہو۔

تعلیمی سرگرمیاں:

اس سال (2019ء) اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے باہر جانے کے انتظام خود بخود ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ البتہ کسی ماہر قانون سے مشورہ ضرور کر لیجئے گا۔ بچوں کی تعلیم کے حصول کے لئے ان کا رجحان دیکھنا ہوگا۔ ان پر اپنی پسند ناپسند نہیں لانا۔ ان کے اساتذہ، ٹیوٹرز اور دوستوں سے بھی مشاورت کر لی جائے تو بہتر ہے۔ ریاضی کی طرف ان کی مستقل توجہ دلاتے رہیں۔

اولاد، محبت اور خوش قسمتی کے اُمور:

اس سال کے شروع میں فکر مندی کا عکس دکھائی دیتا ہے:

ع خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے!

آمین! سال کے شروع میں ہی اگر کوئی مناسب پلاننگ کی گئی تو فکر اور پریشانیاں کم ہوتی جائیں گی۔ بچوں کی تربیت اور نگہداشت آپ اور آپ کی فیملی کے معیار کے مطابق ہو سکے گی عشق و محبت کے جذباتی لگاؤ میں کچھ سنجیدگی اپنائیں۔ اپنے محبوب کو دھوکہ نہ دیں ورنہ رسوائی اور بدنامی آپ کا مقدر بن سکتی ہے محبت ہو تو اس کو شادی کے انجام تک لے جائیں صاحبانِ اولاد اپنے بچوں کے روز وشب سے غافل نہ رہیں انہیں زمانہ کا شعور بے راہ روی سے بچنے کی نصیحت پیار اور محبت کے ماحول میں کریں انعامی اسکیموں میں دلچسپی رکھنے والے امید رکھیں کہ مناسب انعام نکلنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔

صحت سے وابستہ امور:

سال (2019ء) میں اپنا ضروری جسمانی میڈیکل چیک اپ کروانے کے ساتھ ساتھ اپنا روحانی علاج بھی کروایئے گا۔ روحانی افراد سے مل کر ان کو دعا کا کہیئے گا والدین اور بزرگوں کی دعا بے حد موثر ہوتی ہے۔ صدقہ اور خیرات بھی کثرت سے دیتے رہیں انسان کی روح بیمار ہوتی ہے اور جسم بعد میں بیمار ہوتا ہے یعنی پہلے روح کا علاج ممکن بنایا جائے اور پھر سنت کے طور پر طبی تحقیق کے مطابق دوا بھی استعمال کی جائے۔ اپنا طرز زندگی اور روزمرہ کی خوراک بدل کر بھی جسمانی امراض سے چھٹکارہ ممکن ہے۔

سفر اور اس کے نشیب وفراز:

غیر ضروری سفروں سے اجتناب برتیں اشد ضروری ہو تو صدقہ خیرات کے بعد سفر شروع کریں جو افراد بیرون ملک قیام کے لئے جانا چاہتے ہیں ان کے سفر کے وسائل بن جائیں گے حج عمرہ اور زیارات کے سفر مقدس پر جانے کی آرزو بر آئے گی۔ آپ ارادہ کریں مالی وسائل خود بخود بن جائیں گے۔

گرہنوں کے اثرات 2019ء:

اس سال (2019ء) میں سورج اور چاند کے مندرجہ ذیل پانچ گرہن ہوں گے:

(1) **6 جنوری جزدی سورج گرہن:** آپ کی شخصیت، حیثیت اور صحت کے متاثر ہونے کا خطرہ ہے۔ دوسروں کے ساتھ ساتھ اپنا بھی خیال رکھیں۔

(2) **21 جنوری مکمل چاند گرہن:** شراکتی اور ازدواجی لین دین میں شکوک وشبہات سے بچیں۔

(3) **3 جولائی جزدی سورج گرہن:** شریک کار یا شریک حیات پر کیا گیا بھروسہ ٹوٹ سکتا ہے۔

(4) **17 جولائی مکمل چاند گرہن:** ساتھیوں کے ساتھ ہر وقت بے تکلف نہ ہوں۔

(5) **26 دسمبر جزدی سورج گرہن:** کسی کی رائے کو پسند کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کی زبان کو تالا لگ جائے اپنے موقف کو بیان کر سکتے ہیں البتہ زبان نرم استعمال کریں۔

ستاروں کی روشنی میں 2019ء کیسا رہے گا

برج دلو (سیارہ یورنس)

Aquarius

زائچہ دلو 2019ء



ستارہ	زحل، یورنس	رنگ	خاکی، بھورا، نیلا
عنصر	ہوا	جواہر	نیلم، سنگ سیاہ، لاجورد
بہترین شریک حیات	جوزا، میزان	ناموافق ساتھی	ثور، اسد، عقرب
بیماریاں	آنتوں اور دل کی بیماریاں	منسوب حروف	س، ش، ص، ث
مبارک دن	ہفتہ	لکی نمبر بلحاظ نجوم	8
منسوب سمت	شمال مغرب	موافق خوراک	کڑوی میٹھی، کسیلی اشیاء
مبارک جانور	سیاہ تیز چلنے والے جانور	زندگی کا اہم دور	بڑھاپا

آپ کی شخصیت:

یہ سال (2019ء) صبر وتحمل اور بردباری کا سال ہے اس لئے جوش کی بجائے ہوش سے کام لیا جائے۔ اہم کاموں میں احتیاط اختیار کی جائے۔ خوش بختی کے مواقع آتے رہیں گے دل کے سکون کی خاطر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر باقاعدگی سے عمل جاری رکھیں۔ عبادات کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔ خصوصاً اسم اعظم اور درود پاک کا عمل جاری رکھیں صدقہ وخیرات باقاعدگی سے دیتے رہیں ان شاء اللہ ایمان وسکون ملے گا۔ کم خرچی اور بزرگوں سے مشاورت اور ان کی دعا آپ کے لئے راحت اور چین مہیا کریں گے۔

گھریلو (رشتہ داری) معاملات:

اس سال (2019ء) میں آپ کی ہمت اور حوصلہ میں اضافہ ہوگا مشکلات کے باوجود اپنے عزیز واقارب بہن

بھائیوں اور ہمسایوں کی خدمات میں اضافہ ہوگا آپ کے ہاتھوں صدقہ و جاریہ کے بہت سے کام غیر محسوس طریقہ سے انجام پذیر ہوں گے۔اپنے مخالفین اور حاسدین کی سازشوں کا شکار ہونے سے قبل ان پر کڑی نظر رکھیں خیرات وصدقات کا عمل جاری رہنا چاہیے۔ازدواجی تعلقات نہایت احتیاط طلب نظر آتے ہیں۔حاسدین کو آپ کے ازدواجی مثبت تعلقات کھٹکیں گے۔وہ آپ کے خوشگوار تعلقات میں زہر گھولنے کے لئے جادوٹونہ،نظر بد جیسی سازشیں کر سکتے ہیں میاں بیوی میں صلح صفائی کے ضمن میں عرض ہے کہ دعا، بزرگوں سے مشاورت اور خیرات اور صدقات کا عمل جاری رہنا چاہیے۔ایک دوسرے کے ساتھ اچھی گفتگو،تحائف خصوصاً پھولوں کا تبادلہ کریں۔زندگی ان شاءاللہ پھولوں کی طرح مہک جائے گی۔

معاشرتی تعلقات:

(2019ء) میں سب سے اہم اور نیک اور اچھی بات یہ ہے کہ بارسوخ احباب اور روپیہ پیسہ کی فراوانی گذشتہ سالوں کی محنت رنگ لائے گی۔سماجی اور سیاسی مصروفیات سارا سال جاری رہیں گی ساڑھستی کے سائے بھی گہرے ہوتے جارہے ہیں۔ اپنے وسائل اور آمدن کا بہترین استعمال کریں۔محنت اور لالچ میں حدِ فاصل قائم کریں۔محنت کا ثمر یقیناً ملے گا تاہم لالچ میں آکر اپنی محنت کی کمائی کسی دوست نما نوسر باز کو نہ دیں۔پھر نہ کہنا کہ ''میری قسمت ہی خراب تھی'' اچھے سینئر بزرگوں اور روحانی لوگوں سے تعلقات بڑھیں گے اچھے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنے سے آپ کی خوداعتمادی، ذہنی تخلیقی صلاحیت بڑھے گی۔پرعزم اور کامیاب رویہ کے باعث ان شاءاللہ آپ جیت کی پوزیشن میں ہوں گے حاسدین اور مطلبی دوستوں کی شرانگیزی سے بچیں۔

مالیات:

